Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعۃ المبارک، 24 اکتوبر 2025ء، یکم جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 202

اپنی چھت اپنا گھر ⁕ 1 لاکھ خاندانوں کو بلاسود قرض کا ٹارگٹ مکمل ⁕ مریم نواز کا اظہار تشکر

10 ماہ میں 100,835 خاندانوں کو 120 ارب کے قرضے جاری، 22,305 گھروں کی تعمیر مکمل، 64,190 گھر تکمیل کے آخری مراحل میں داخل، 5 سال میں پانچ لاکھ گھروں کا ہدف پورا کرنے کیلئے پرعزم ہیں

اس پراجیکٹ نے نہ صرف ہاؤسنگ کے شعبے میں انقلاب برپا کیا ہے بلکہ غریب طبقے کو اپنی چھت کا خواب بھی پورا کیا ہے، غریب آدمی کو چھت ملنے کے خواب کا پورا ہونا اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہے، مریم نواز

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے دورے کے دوران پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے، رشدہ لودھی اور حنا پرویز بٹ بھی موجود ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت کم آمدن والے ایک لاکھ خاندانوں کو بلاسود اور آسان قرض کا ٹارگٹ مکمل ہو گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت ایک لاکھ گھروں کا ہدف کامیابی سے پورا کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے اس کامیابی کو ملک کے غریب خاندانوں کیلئے ایک سنگ میل قرار (بقیہ نمبر 6)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کا راولپنڈی چیمبر آف کامرس کا دورہ

راجہ مجاہد افسر خان کی جانب سے پرتپاک استقبال، گورنر نے ماحول دوست مہم کا آغاز کیا

گورنر ہاؤس لاہور میں راولپنڈی چیمبر کے اعزاز میں شاندار تقریب کا اعلان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے گزشتہ روز راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا خصوصی دورہ کیا۔ ان کی آمد پر منرل کمیٹی کے رکن اور معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر خان نے پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کی چین اور امریکا کو تعمیری کردار ادا کرنے کی پیشکش

مسئلہ کشمیر کا حل خطے میں پائیدار امن کی ضمانت، صدر ٹرمپ کے امن کے فروغ کے تعمیری کردار کے معترف ہیں، پاکستانی سفیر

نیویارک (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان چین اور امریکا کے درمیان تعمیری کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے فیوچر سیکیورٹی سمٹ (بقیہ نمبر 9)

ایف ایف سی کا سال 2025 کی تیسری سہ ماہی کے مالی نتائج کا اعلان

جس میں 30 ستمبر 2025ء کو ختم ہونے والی مدت کے مالی نتائج کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (ایف ایف سی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس 23 اکتوبر 2025ء کو منعقد ہوا، جس میں 30 ستمبر 2025ء کو ختم ہونے والی مدت کے مالی نتائج کی منظوری (بقیہ نمبر 1)

منشیات فروش نیٹ ورکس کیخلاف مؤثر کارروائیاں ⁕ بھاری مقدار میں منشیات برآمد

منشیات فروش عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کروایا جا رہا ہے، ڈی جی اے این ایف

لاہور (این این) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (CNF) نے گزشتہ ہفتے کے دوران لاہور، فیصل آباد، ڈیرہ غازی خان، گوجرانوالہ اور راولپنڈی میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کے دوران ٹی ایل پی سے برآمد ہونے والے اسلحہ سکرین پر دکھا رہی ہیں

ٹی ایل پی کے اندرون و بیرون ملک 3,600 مالی معاونت کنندگان کی نشاندہی کر لی گئی، ٹی ایل پی کی جانب سے 2021 میں پولیس سے چھینا گیا

ریاست کی رٹ سب سے بالاتر ہے ⁕ صوبائی وزیر اطلاعات

ریاست کیخلاف بندوق اٹھانے والوں کیلئے پنجاب حکومت زمین تنگ کر دیگی، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، غیر قانونی اسلحہ فوراً جمع کروایا جائے

اشتعال انگیزی پر پیکا ایکٹ کے تحت دہشت گردی کے مقدمات درج کئے جائیں گے، پنجاب میں نفرت انگیزی کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 75 اشتعال انگیز سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک، 107 افراد گرفتار ہو چکے ہیں

28 اسلحہ ڈیلرز کے لائسنس منسوخ؛ اب کوئی نیا اسلحہ لائسنس جاری نہیں ہوگا، غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کومبنگ آپریشن جاری، کسی بھی مسجد کو بند نہیں کیا گیا، جمعہ کی نماز حسب معمول ادا کی جائے گی، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ تحریک لبیک پاکستان کے اندرون و بیرون ملک 3,600 مالی معاونت کنندگان کی نشاندہی کر لی گئی ہے، جبکہ انتہا پسند تنظیم کی جانب سے 2021 میں پولیس سے چھینا گیا اسلحہ حالیہ احتجاج میں استعمال ہوا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پنجاب حکومت ریاست کے خلاف بندوق اٹھانے والوں کے لیے زمین تنگ کر دے گی، کیونکہ ریاست کی رٹ سب سے بالاتر ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ غیر قانونی اسلحہ جمع کروانا ہوگا اور کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی یا شرپسندی پر پیکا ایکٹ کے تحت دہشت گردی کے مقدمات درج (بقیہ نمبر 2)

انسداد منشیات کے کامیاب آپریشن پر پاک بحریہ کو مبارکباد

پاک بحریہ کا انسداد منشیات آپریشن قابل فخر کارنامہ ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے انسداد منشیات کے کامیاب آپریشن پر پاک بحریہ کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان نیوی نے پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے منشیات (بقیہ نمبر 10)

اسلام اتفاق، احترام اور رواداری کا دین ہے، سردار محمد یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ اسلام اتفاق، احترام اور رواداری کا دین ہے، اختلاف رائے کے باوجود ایک دوسرے (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد میں عوامی نقل و حمل کے نظام کو مربوط کرنے کیلئے کام کیا جائے

شہریوں کو سستی اور ماحول دوست سفری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین ٹرانسپورٹ سسٹم فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سے روز یانگو سروسز پاکستان کی کنٹری ہیڈ مرال شریف خان اور انکی ٹیم کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے جمعرات کے روز یانگو سروسز پاکستان کی کنٹری ہیڈ مرال شریف خان، ہیڈ آف پبلک پالیسی اینڈ گورنمنٹ افیئرز یانگو، جہانگیر خان اور انکی ٹیم نے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سی ڈی اے کے ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انجینئرنگ سید (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: ایس ایس پی سیکیورٹی کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر اور ڈی آئی جی اسلام آباد جواد طارق، اردن پولیس سروس اور نیشنل پولیس اکیڈمی کے سینئر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو کے موقع پر

سربراہ پاک فضائیہ کی رومانیہ میں اعلیٰ سطحی دفاعی ملاقاتیں ⁕ دوطرفہ عسکری تعاون کے فروغ پر اتفاق

پاکستان رومانیہ کے ساتھ مضبوط سفارتی اور دفاعی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو علاقائی امن و استحکام کے امور پر باہمی اتفاقِ رائے پر مبنی ہیں

سربراہ پاک فضائیہ کا دورۂ رومانیہ دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعلقات کو مستحکم بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، نے دورۂ رومانیہ کے دوران سیکرٹری دفاع رومانیہ، ایڈورڈ باچائیڈے اور چیف آف ڈیفنس، جنرل گیورگیتسا ولاد سے مشترکہ ملاقاتیں کی، جس میں دونوں ممالک کے مابین عسکری تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس اہم ملاقات کے دوران دونوں ممالک کی عسکری قیادت نے خطے میں امن و سلامتی (بقیہ نمبر 3)

سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا رومانیہ کے دورہ کے دوران سیکرٹری دفاع رومانیہ ایڈورڈ باچائیڈے اور چیف آف ڈیفنس جنرل گیورگیتسا ولاد کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلدیاتی الیکشن میں امیدواروں پر تعلیم کی کوئی شرط نہ ہے، ریجنل الیکشن کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) ریجنل الیکشن کمشنر ابرار احمد جتوئی نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن میں امیدواروں پر تعلیم کی کوئی شرط نہ ہے اور فاتر ونان فاتر الیکشن لڑنے کے اہل ہونگے۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمشنر سرگودھا ڈویژن ابرار احمد جتوئی نے چیمبرز ممبران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ بلدیاتی (بقیہ نمبر 12)

فرید احمد نے ڈی جی پی آر کا چارج سنبھال لیا

تمام افسران حکومت کی عوام دوست پالیسیوں اور اقدامات کو میڈیا میں نمایاں کرنے کے لئے محنت اور جانفشانی سے کام کریں

سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی سے ڈی جی پی آر فرید احمد کی ملاقات، محکمانہ امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این ای این) سیکرٹری اطلاعات سید طاہر رضا ہمدانی سے نئے تعینات ہونے والے ڈی جی پی آر فرید احمد نے ملاقات کی اور ان سے محکمانہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز فرید احمد نے گزشتہ روز اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ وہ محکمہ تعلقات عامہ کے دفتر پہنچے تو ڈائریکٹر نیوز کو محمد سہیل جنجوعہ، ڈائریکٹرز الیکٹرانک میڈیا محمد سہیل رانا اور ملک احمد نعیم، ڈائریکٹر کوارڈینیشن خورشید جیلانی، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن محمد صدیق کیانی، ڈپٹی ڈائریکٹرز کرن فضل بٹ اور حفصہ جاوید خواجہ، ہیڈ (بقیہ نمبر 5)

لاہور: نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز فرید احمد کو الیکٹرانک میڈیا ڈائریکٹوریٹ کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

بیگم نصرت بھٹو کا حوصلہ اور استقامت قوم کیلئے مشعل راہ ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیگم نصرت بھٹو کو ان کی 14 ویں برسی پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ملک میں جمہوریت کے لیے جدوجہد میں ان کی جرات اور گرانقدر خدمات کو سراہا ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے (بقیہ نمبر 18)

شہری کو برہنہ کر کے تشدد کرنے میں ملوث 5 ملزم زیر حراست

فوٹیج میں نظر آنے والے ملزمان کی شناخت کر لی گئی ہے، تمام کو گرفتار کر لیا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں شہری کو برہنہ کر کے تشدد کرنے میں ملوث 5 ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے (بقیہ نمبر 23)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دربار گولڑہ شریف اسلام آباد میں بین الاقوامی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کمسن بچی سے زیادتی و قتل کے مجرم کی سزائے موت کیخلاف اپیل خارج

ایسے مجرم رحم کے مستحق نہیں ہو سکتے جنہوں نے چھ سال کی بچی کے ساتھ ظلم کیا ہو

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے کمسن بچی سے زیادتی کر کے قتل کرنے والے مجرم قیصر کی سزائے موت کے خلاف اپیل (بقیہ نمبر 24)

بجلی صنعت اور زراعت کو سستے نرخوں پر بجلی فراہم کرنے کا فیصلہ

فیصلے سے صارفین کے لیے بجلی کی اوسط قیمت خرید میں کمی آئے گی، معیشت کو بھی تقویت ملے گی

صنعت اور زراعت کے شعبوں کو اضافی بجلی کے استعمال پر کم نرخوں پر بجلی مہیا کی جائے گی، وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ حکومت نے اضافی 7000 میگاواٹ بجلی صنعت اور زراعت کو سستے نرخوں پر فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس اقدام سے نہ صرف پیداواری لاگت میں کمی آئیگی بلکہ معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ جمعرات کو جاری ویڈیو پیغام میں وفاقی وزیر نے بتایا کہ ملک میں سات ہزار میگاواٹ اضافی بجلی موجود تھی، حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ بجلی صنعتی و زرعی شعبوں کو فراہم کی جائے گی کیونکہ یہ دونوں شعبے ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے (بقیہ نمبر 13)

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال انڈر 16 ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام اور انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چین کے کینٹن میلہ میں ریکارڈ غیر ملکی خریداروں کی آمد

گوانگ ژو (شنہوا) چین کے جنوبی شہر گوانگ ژو میں 138 ویں چین درآمدی و برآمدی میلے (کینٹن میلہ) کے دوسرے مرحلے کا جمعرات کو آغاز ہو گیا، جس میں مقامی طور پر تیار کردہ معیاری مصنوعات کو خاص طور پر نمایاں کیا گیا ہے۔ منتظمین کے مطابق (بقیہ نمبر 14)

تمام بڑے منصوبوں کیلئے پراجیکٹ ڈائریکٹرز کی تعیناتی کا فیصلہ

گندھارا کلب میں کھیلوں اور تفریح کی مختلف سہولتیں مہیا کرنے کا فیصلہ

نئے کنونشن سنٹر کی تعمیر کے منصوبے کا جامع پلان طلب، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اعلیٰ سطح اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ (بقیہ نمبر 19)

تحریک لبیک پاکستان پر پابندی کی منظوری

ٹی ایل پی پر انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 کے تحت پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، حتمی فیصلے کیلئے ریفرنس سپریم کورٹ بھیجا جائیگا

خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں 2021 بھی ٹی ایل پی پابندی لگائی گئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) پر پابندی عائد کرنے کی منظوری دے دی، ٹی ایل پی پر انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 کے تحت پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، حتمی فیصلے کے لیے ریفرنس سپریم کورٹ بھیجا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس کے ایجنڈے میں ٹی ایل پی (بقیہ نمبر 25)

نادرا نے شہریوں کیلئے فیس جمع کرانے کا عمل مزید آسان بنا دیا

شہری اب براست کیو آر کوڈ کے ذریعے فوری اور بغیر کسی اضافی چارجز کے ادائیگی کر سکیں گے

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کے لیے فیس جمع کرانے کا عمل مزید آسان بنا دیا، اب شہری براست (بقیہ نمبر 20)

پاکستان نے 10 روزہ بندش کے بعد افغان ٹرانزٹ ٹریڈ مرحلہ وار بحال کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 10 روزہ بندش کے بعد افغان ٹرانزٹ ٹریڈ مرحلہ وار بحال کر دی ہے۔ محکمہ کسٹمز کے ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ کے نوٹیفکیشن کے مطابق تقریباً 300 گاڑیوں کی کلیئرنس کا عمل 3 مراحل میں مکمل کیا جائے گا جس کا (بقیہ نمبر 15)

ویکسین کی مقامی تیاری سے متعلق اجلاس، مختلف امور پر غور

مقامی ویکسین کی تیاری قومی صحت اور سلامتی کے لیے ناگزیر ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت ویکسین کی مقامی تیاری، قومی ویکسین پالیسی، درپیش رکاوٹوں اور آئندہ لائحہ عمل سے متعلق ایک اعلیٰ سطح اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 16)

دھماکہ خیز بارودی مواد برآمدگی کیس، ملزم کو 20 سال قید کی سزا سنا دی گئی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے دھماکہ خیز بارودی مواد برآمدگی کیس میں ملزم کو 20 سال قید کی سزا سنا دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج عرفان حیدر نے فیصلہ سنایا۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ ملزم صدیق علیم سے دھماکہ (بقیہ نمبر 27)

صوبہ کے سارے معاملات جیل سے نہیں چلائے جا سکتے

نئے وزیراعلیٰ کو بانی جماعت سے اختیارات حاصل کرنے چاہئیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبہ کے سارے معاملات جیل سے نہیں چلائے جا سکتے، نئے وزیراعلیٰ کو بانی جماعت سے اختیارات حاصل کرنے چاہئیں، امید ہے آنے والے دنوں میں وہ اپوزیشن کو ساتھ لیکر چلنے کے علاوہ وفاق سے صوبائی حقوق کے حصول کیلئے سابق وزیراعلیٰ کی صوبہ دشمن پالیسی سے گریزاں کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ پریس کلب کے وفد سے گفتگو کے دوران (بقیہ نمبر 26)

نوجوانوں میں تجسس کی حوصلہ افزائی مشترکہ ذمہ داری ہے ⁕ سائنسی سوچ کا فروغ

عوام الناس بالخصوص لاہور کے رہائشی اہل خانہ کے ہمراہ سائنس میلے میں بھرپور شرکت یقینی بنائیں، ڈاکٹر راشد محمود

لاہور سائنس میلہ محض بچوں یا طلباء و طالبات کے لیے نہیں بلکہ ہر عمر کے لوگ اس سے مستفید ہو سکتے ہیں، ترجمان پاکستان اٹامک انرجی کمیشن

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) تجسس نوجوان ذہنوں کا جوش و خروش اپنے عروج پر ہے کیونکہ لاہور سائنس میلہ 2025 کا آغاز ہوا چاہتا ہے، لاہور سائنس میلے کے چھٹے ایڈیشن میں حصہ لینے والے درجنوں معروف اداروں میں سے، پاکستان اٹامک انرجی کمیشن اس سال بھی فعال شرکت سے کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ترجمان ڈاکٹر راشد محمود نے عوام (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے خواتین کو بااختیار بنانے اور ان لائسنسنگ و دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے پنک وین منصوبے کے تحت ٹریفک پولیس کی جانب سے فراہم کردہ پنک وین راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کی طالبات لائسنس بنوا رہی ہیں

علاقائی رابطہ اختیاری نہیں، ترقی و استحکام کیلئے ناگزیر ہے ⁕ اسحق ڈار

خطے کے کئی ممالک مستقبل بین رابطہ منصوبوں میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں اور وسطی ایشیا ایک حقیقی یوریشیائی زمینی پل کے طور پر ابھر رہا ہے

گول میز کانفرنس مشترکہ ترجیحات کی نشاندہی اور عملی تعاون کے اقدامات پر اتفاقِ رائے کا موقع فراہم کرے گی، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ علاقائی رابطہ اختیاری نہیں بلکہ استحکام، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لیے ضروری ہے کیونکہ علاقائی تعاون براہ راست کروڑوں عوام کی زندگیوں پر اثرانداز ہوتا ہے۔ اسلام آباد میں ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اسحٰق ڈار نے کہا کہ خطے کے کئی ممالک مستقبل بین رابطہ منصوبوں میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں اور وسطی ایشیا ایک حقیقی یوریشیائی زمینی پل کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحراؤں اور پہاڑوں کے درمیان بچھائی گئی تیل و گیس کی پائپ لائنیں مارکیٹوں کو جوڑتی ہیں، (بقیہ نمبر 28)

نارووال: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا اپنے دفتر میں سائلین کی شکایات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

آئی ایم ایف کے ساتھ ٹیکس ہدف میں 150 ارب روپے کمی پر اتفاق

ٹیکس ہدف 14 ہزار 131 ارب روپے سے کم ہو کر 13 ہزار 981 ارب روپے کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ ٹیکس ہدف میں 150 ارب روپے کی کمی پر اتفاق کر لیا۔ ذرائع ایف بی آر نے بتایا کہ ٹیکس ہدف 14 ہزار 131 ارب روپے سے کم ہو کر 13 ہزار 981 ارب روپے کر دیا گیا، ٹیکس ہدف میں مزید (بقیہ نمبر 21)

فیک نیوز پھیلانے پر شاندانہ گلزار کیخلاف سائبر کرائم ایکٹ کے تحت مقدمہ

نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے مقدمہ درج کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) ریاستی اداروں پر الزامات اور فیک نیوز پھیلانے کے معاملے پر تحریک انصاف کی رہنما شاندانہ گلزار کے خلاف نیشنل سائبر کرائمز (بقیہ نمبر 22)

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آؤٹ لک کی دو متضاد رپورٹیں

عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں معاشی اصلاحات کے تسلسل اور مالی بہتری کا اعتراف کیا ہے۔ آئی ایم ایف کی مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیار یجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں رواں مالی سال معاشی ترقی 3.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ سال25-2024 میں پاکستان میں ترسیلات زر، کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آئی۔ رپورٹ میں پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی دوبارہ بڑھنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پاکستان میں بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی بھی خطے کی معاشی ترقی کو متاثر کرسکتی ہے۔ آئی ایم ایف رپورٹ میں کہا گیا کہ 2025ء کی تیسری سہ ماہی میں سیلاب کے معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے۔ پاکستان میں سیلاب کے ان منفی اثرات کی شدت تاحال غیر یقینی ہے۔

گزشتہ دنوں آئی ایم ایف نے اپنی ورلڈ اکنامک آؤٹ لک کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان میں مہنگائی اور بے روزگاری میں کمی کا قوی امکان ہے جبکہ گزشتہ روز خود ہی اپنی پہلی رپورٹ سے انحراف کرتے ہوئے یہ عندیہ دے رہا ہے کہ پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے۔ ان دونوں متضاد رپورٹوں پر عوام کس طرح مطمئن ہو سکتے ہیں۔ جہاں تک ترسیلات زر' کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آنے کا تعلق ہے' تو اس بہتری کا عام آدمی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا جبکہ معیشت بھی جوں کی توں لڑکھڑاتی نظر آرہی ہے' البتہ اس بہتری سے آئی ایم ایف ضرور مطمئن نظر آرہا ہے جسے صرف اپنے قرض کی واپسی کی راہ ہموار ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ رپورٹ میں آئی ایم ایف یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی بھی خطے کی معاشی ترقی کو متاثر کرسکتی ہے اور حالیہ سیلاب کے بھی معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے' یہ سب جاننے کے باوجود آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ کسی قسم کی رعایت یا اسے کوئی سہولت فراہم نہیں کرتا' بلکہ وہ اپنی کڑی شرائط پر ہی پاکستان کو قرض کی معمولی قسط جاری کرتا ہے جسے بدقسمتی سے حکمران عوامی مشکلات کا ادراک رکھتے ہوئے بھی من وعن تسلیم کرتے جا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک آئی ایم ایف جیسے مالیاتی اداروں سے مستقل چھٹکارا پانے کے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات نہیں کئے جاتے' نہ معیشت بہتر ہوسکتی ہے' نہ مہنگائی پر قابو پایا جاسکتا ہے جبکہ عام آدمی کی خوشحالی معیشت کی بہتری اور مہنگائی میں کمی سے ہی جڑی ہے۔ حکومت کی جانب سے قوم کو یہ یقین دہانی ضرور کرائی جارہی ہے کہ یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہے لیکن اسکی جانب سے ایسے کوئی اقدامات ہوتے دکھائی نہیں دے رہے جو قوم کو امید دلا سکیں کہ آئی ایم ایف کے ساتھ واقعی حکومت کا یہ آخری پروگرام ہے۔

مہنگائی کا طوفان۔۔۔۔عوام پریشان



تحریر: سردار محمد ریاض

پاکستان ایک طویل عرصے سے سیاسی، معاشی اور سماجی مسائل کی زد میں ہے مگر حالیہ برسوں میں مہنگائی کی شدت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ روزمرہ کے اخراجات سے لے کر بنیادی ضروریات زندگی تک ہر شے کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ متوسط طبقہ، جو کبھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا تھا آج کچلے ہوئے طبقات کی صف میں شامل ہو چکا ہے۔ غریب آدمی کا چولہا ٹھنڈا ہے۔ بچوں کی تعلیم خواب بن چکی ہے اور صحت کی سہولیات ایک نایاب نعمت بن گئی ہیں۔ بازاروں کا حال یہ ہے کہ سبزی، دال، گوشت، دودھ، آٹا، چینی جیسی بنیادی اشیاء بھی عام آدمی کی دسترس سے باہر ہو چکی ہیں۔ ہر ہفتے قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے مگر آمدنی وہی کی وہی۔ تنخواہ دار طبقے کی حالت تو مزید ناگفتہ بہ ہے۔ جو لوگ پہلے مہینے کے آخر تک کسی نہ کسی طرح گزارا کر لیتے تھے وہ اب مہینے کے وسط تک ہی معاشی بحران کا شکار ہو جاتے ہیں۔ غریب اور محنت کش طبقہ دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہا ہے۔ دیہاڑی دار مزدور جو روز کما کر شام کو بچوں کے لیے روٹی لے جاتا تھا، اب خالی ہاتھ لوٹنے پر مجبور ہے۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ مہنگائی کی بنیادی وجوہات میں حکومتی ناقص پالیسیاں، کرپشن، روپے کی قدر میں کمی، اور درآمدات پر انحصار شامل ہے۔ جب ایک ملک اپنی ضروریات کے لیے بیرونی منڈیوں کا محتاج ہو جائے تو مہنگائی ناگزیر ہو جاتی ہے۔ پاکستان میں بھی یہی صورتحال درپیش ہے۔ زراعت جو کبھی اس ملک کی معیشت کا ستون تھی اب زبوں حالی کا شکار ہے۔ کسان کو اس کی فصل کا جائز دام نہیں ملتا جبکہ صارف کو وہی اجناس کئی گنا زیادہ قیمت پر دستیاب ہوتی ہیں۔ یہ سب کچھ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب حکمران طبقہ اپنی عیش و عشرت میں مصروف ہے۔ ان کے اخراجات، سہولیات اور پروٹوکول میں کوئی کمی نہیں آئی۔ وزیروں، مشیروں اور بیوروکریسی کے لیے تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات بڑھتی جا رہی ہیں جبکہ عوام کو قربانی، صبر، اور حب الوطنی کے بھاشن دیے جا رہے ہیں۔ جب حکمران خود کفایت شعاری کی مثال نہ بنیں تو عوام سے قربانی کی امید رکھنا بے معنی ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ گواہ ہے کہ ہر حکومت نے عوام کو خوشحالی کے خواب دکھائے مگر حقیقت میں ان کے مسائل میں اضافہ ہی ہوا۔ جمہوریت کے نام پر اقتدار میں آنے والے ہوں یا آمریت کے دعویدار، کسی نے بھی عوامی فلاح کو اپنی ترجیح نہیں بنایا۔ اقتدار میں آتے ہی سیاسی وفاداریاں تبدیل ہو جاتیں ہیں۔ وعدے فراموش کر دیے جاتے ہیں اور پالیسیوں میں عوام کی بجائے مخصوص طبقوں کو فائدہ پہنچایا جاتا ہے۔ مہنگائی ایک ایسا عفریت بن چکی ہے جسے کوئی قابو کرنے کو کوئی تیار نہیں اور نہ ہی اہل نظر آتا ہے۔ دوسری جانب اداروں کی بے حسی بھی کھل کر سامنے آ چکی ہے۔ کوئی قیمتوں پر کنٹرول کرنے والا نہیں، کوئی ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے والا نہیں۔ ہر چیز خود کار نظام کے رحم و کرم پر چھوڑ دی گئی ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹیاں صرف کاغذوں میں فعال ہیں جبکہ عملی طور پر بازار میں لاقانونیت کا راج ہے۔ عوام کو نہ ریلیف مل رہا ہے، نہ انصاف، نہ روزگار، اور نہ ہی تحفظ۔ اس تمام تر صورتحال کا سب سے زیادہ اثر نوجوان نسل پر پڑ رہا ہے۔ تعلیم مہنگی ہو چکی ہے۔ روزگار کے مواقع ناپید ہیں اور جو تھوڑے بہت روزگار دستیاب ہیں وہ یا تو سفارش کی بنیاد پر ملتے ہیں یا پھر اتنی کم اجرت پر کہ گزارا ممکن نہیں۔ ایسے حالات میں نوجوان یا تو جرائم کی دنیا کا رخ کرتے ہیں یا پھر بیرون ملک جانے کے خواب میں اپنی جمع پونجی لٹا دیتے ہیں۔ یہ ہنر مند، پڑھے لکھے نوجوان ملک کا اثاثہ ہیں مگر انہیں موقع نہ دینا ایک قومی سانحہ ہے۔ مسائل کے حل کے لیے سب سے پہلے دیانتدار قیادت کی ضرورت ہے جو قوم کے مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دے۔ ہمیں ایسی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو مقامی پیداوار کو فروغ دیں۔ زراعت اور صنعت کو مضبوط بنائیں۔ تعلیم اور صحت پر سرمایہ کاری کو بڑھائیں اور سب سے بڑھ کر ایک ایسا نظام تشکیل دیں جو شفافیت، احتساب اور میرٹ پر مبنی ہو۔ اس وقت ملک کو وقتی ریلیف کی نہیں بلکہ ایک جامع، مستقل اور طویل المدتی معاشی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی، میڈیا اور عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مہنگائی پر صرف شور مچانے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا جب تک ہم بطور قوم اپنی ترجیحات کا تعین نہ کریں، فضول خرچی کو ترک نہ کریں اور اپنے وسائل کا درست استعمال نہ کریں۔ ہمیں ایسے نمائندے منتخب کرنا ہوں گے جو ہمارے مسائل کو سمجھیں۔ ان کا ادراک رکھیں اور ان میں انہیں حل کرنے کی صلاحیت بھی ہو۔ مہنگائی کا یہ طوفان وقتی نہیں لگتا بلکہ یہ ایک ایسا سلسلہ بن چکا ہے جو ہر سال نئی شدت کے ساتھ آتا ہے۔ اگر اس کا تدارک نہ کیا گیا تو یہ نہ صرف معیشت کو تباہ کر دے گا بلکہ سماجی انتشار کو بھی جنم دے گا۔ جرائم میں اضافہ، ذہنی دباؤ، خودکشیاں، اور معاشرتی اقدار کا زوال اس مہنگائی کی ہی پیداوار ہیں اگر ہم نے اب بھی آنکھیں نہ کھولیں تو وہ وقت بہت دور نہیں جب یہ بحران ناقابلِ واپسی شکل اختیار کر لے گا۔ ملک کو اس دلدل سے نکالنے کے لیے محض بیانات یا اعلانات کافی نہیں۔ عملی اقدامات، نیک نیتی، اور سخت فیصلوں کی ضرورت ہے۔ عوام کی حالت سدھارنے کے لیے ان کی آواز کو سننا ہوگا، ان کے دکھ کو محسوس کرنا ہوگا اور ان کی زندگی میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ حکمرانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ اقتدار صرف مراعات کا نہیں، بلکہ ذمہ داریوں کا نام بھی ہے۔ جب تک یہ احساس بیدار نہیں ہوتا، پاکستان کے عوام اسی طرح مہنگائی کے طوفان میں ڈوبتے رہیں گے اور حکمران محلات میں بیٹھے بے حسی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔

کردار سازی

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

شہزادی بیٹی ہمیشہ کی طرح آج بھی آئی اور میرے سامنے جھک کر اپنا سر جھکا کر کھڑی ہو گئی اور عاجز لہجے میں بولی باباجی اسلام علیکم میں نے شہزادی کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ پھیرا اور کرسی پر بیٹھ گیا شہزادی اپنے دو بچوں کے ساتھ آئی تھی ایک اٹھایا ہوا دوسرے کا ہاتھ پکڑا ہوا میں نے اشارہ کیا تو وہ بھی سامنے کرسی پر بیٹھ گئی ہاتھ میں پکڑا شاپر جس میں ایک خربوزہ تھا میری طرف بڑھایا عقیدت سے سرشار لہجے میں بولی باباجی قبول فرمائیں میں نے شاپر پکڑا اکلوتا خربوزہ نکالا اس کو گھما کر دیکھا اور ستائشی نظروں سے شہزادی بیٹی کو دیکھا واہ بیٹی اتنا اچھا خربوزہ کہاں سے لائی ہو۔ میں ہر بار تم کو منع کرتا ہوں لیکن تم پھر بھی باز نہیں آتی تم نے تو جیسے قسم کھا رکھی ہے کہ خالی ہاتھ نہیں جانا تو شہزادی محبت بھرے لہجے میں بولی باباجی آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ میں خالی ہاتھ نہیں آسکتی اور آپ وجہ بھی خوب جانتے ہیں شہزادی نے یہ بات کہ تو مجھے وہ ملاقات یاد آ گئی جب شہزادی نے خالی ہاتھ نہ آنے کی وجہ بتائی تھی شہزادی میرے پاس شاید دس سال پہلے اپنے والد کے ساتھ آئی تھی جب یہ شدید ڈپریشن میں مبتلا تھی کھانا پینا چھوڑ چکی تھی شہزادی کا تعلق انتہائی غریب گھرانے سے تھا رکشہ ڈرائیور کی بیٹی جو تین مرلے کے گھر میں رہتا تھا نسل در نسل غربت کے رنگ شہزادی کے چہرے سے بھی نظر آتے تھے سانولا رنگ کمزور جسم نارمل شکل وصورت کی عام سی لڑکی پہلی بار جب میرے پاس آئی تو اس کی شادی نہیں ہوئی تھی باپ نے بتایا کہ اس کو آسیب جن وغیرہ کا مسئلہ ہے یہ دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے چیخیں مارتی ہے خود کو مارنا شروع کر دیتی ہے دیواروں کو ٹکریں مار کر خود کو لہو لہان کر لیتی ہے میں بہت سارے بابوں کے پاس جا کر اس کا علاج کروا چکا ہوں بابوں ملنگوں نے اس کے دورے ختم کرنے جنات نکالنے کی بہت کوششیں کیں اور بہت مارا پیٹا بھی لیکن شہزادی کی حالت نہ سدھری بلکہ دن رات خراب ہی ہوتی گئی میں غریب آدمی ہوں بڑی مشکل سے بچوں کے پیٹ کی آگ بجھاتا ہوں بابوں ملنگوں کو دینے کے لیے میرے پاس اب پیسے نہیں ہیں ان بابوں ملنگوں کے ہاتھوں میں لٹ چکا ہوں رشتہ داروں سے ادھار مانگ مانگ کر علاج کروایا اب تو رشتہ دار میری شکل دیکھتے ہی دروازہ بند کر دیتے ہیں پھر مجبوری میں قریبی امام مسجد جو پیسے نہیں لیتے ان سے بہت دم وغیرہ کروائے لیکن میری بیٹی کی حالت نہ سدھری اب کسی نے آپ کے بارے میں بتایا کہ آپ فی سبیل اللہ لوگوں کا مفت روحانی علاج کرتے ہیں تو آپ کے پاس آ گیا ہوں خدا کے لیے میری مدد کریں اب باپ ہاتھ جوڑ کر زاروقطار روتے ہوئے منت سماجت پر اتر آیا تو میں نے بیچارے غربت مجبوری کے چلتے پھرتے اشتہار کو چپ کرایا کہ اللہ تعالی تمہاری بیٹی کو ضرور تندرست کرے گا۔ اب میں نے شہزادی کو بغور دیکھا تو یہی لگا کہ اس بیچاری کو کوئی غم اندر ہی اندر کھا رہا ہے پہلے تو لگا کسی عشق وغیرہ کے چکر میں تو نہیں لیکن یہ اندازہ غلط ثابت ہوا عشق کے مریض اس طرح نہیں ہوتی ہے بیچاری زندہ لاش کی طرح میرے سامنے بیٹھی تھی اب میں نے ماضی کے متعلق پوچھا تو باپ نے بتایا اس کی ماں بچپن میں ہی فوت ہو گئی تھی یہ تین بھائیوں کی اکلوتی بہن ہے گھر میں کوئی سنبھالنے والا نہیں تھا تو میں اس بیچاری کو اپنے مرشد خانے چھوڑ آیا جہاں میرے بابا مرشد تھے انہوں نے اس کو اپنی بیٹی بنا کر گھر رکھ لیا انہوں نے ہی اس کو شہزادی کا نام دیا باباجی اس سے بہت پیار کرتے تھے انہوں نے اس کو ماں باپ دونوں کا پیار دے کر پالا وہ بہت نیک بزرگ تھے باباجی کا نام سن کر میں الرٹ ہو گیا اور باباجی کے بارے میں پوچھنا شروع کر دیا اب میں نے نوٹ کیا کہ باباجی کے ذکر پر شہزادی کی آنکھوں میں زندگی کا رنگ لہرانے لگا وہ شوق اور دل چسپی سے باتیں سننے لگی اسی دوران باپ نے باباجی کی تصویر نکال کر میرے ہاتھ میں دے دی میں شہزادی میں باباجی کے حوالے سے دل چسپی دیکھ چکا تھا باباجی کی خوب تعریفیں شروع کر دیں تو باپ بولا اس مرد درویش کے جانے کے بعد ہی تو شہزادی کی طبیعت خراب ہوئی ہے جب تک وہ زندہ تھے یہ ٹھیک تھی جب وہ چلے گئے تو جنات نے میری بیٹی پر حملہ کر دیا اور بیمار کر دیا جبکہ سچ یہ تھا کہ شہزادی اپنے بابا مرشد کی جدائی میں ڈپریشن کا شکار ہو کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکی تھی میں کافی دیر تک باباجی کی باتیں کرتا رہا آخر میں شہزادی سے کہا بیٹی کیا میں تم کو بیٹی کہہ سکتا ہوں آج سے تم میری بیٹی ہو اور میں تمہارا باباجی ہوں شہزادی میری بات سن کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور ساتھ میں اپنے باپ سے ضد کرنے لگی مجھے باباجی کی قبر مبارک پر جانا ہے میں نے باپ سے کہا ضرور لے کر جاؤ ساتھ ہی کہا جا کر میرا بھی سلام کہنا یہ میری شہزادی بیٹی سے پہلی ملاقات تھی اب باپ بیٹی میرے پاس آنا شروع کر دیا میں نے شہزادی بیٹی پر پوری توجہ دینی شروع کر دی چند ملاقاتوں کے بعد ہی شہزادی کی حالت سنبھلنے لگی ایک دن بولی میں آپ کو باباجی کہہ سکتی ہوں تو میں نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور شفیق لہجے میں کہا یہ میری خوش قسمتی ہوگی اگر تم مجھے باباجی کہو گی اس دن کے بعد چند دنوں میں ہی شہزادی کی طبیعت ٹھیک ہوتی گئی کیونکہ باباجی کی جگہ میں نے لے لی تھی اب وہ ساری دل کی باتیں میرے ساتھ شیئر کرتی اسی دوران ایک مناسب رشتہ آیا تو شہزادی نے کہا جو باباجی کہیں گے اب میں جو باباجی بن چکا تھا میں نے ہاں کر دی تو سادگی سے شہزادی کی شادی کر دی گئی پھر اللہ تعالی نے شہزادی کو اوپر تلے چار بیٹوں سے نوازا ان سالوں میں جب بھی کرتا مجھ سے ملنے آجاتی میں اس کو ہر بار روکتا کہ تم ہر بار کوئی نہ کوئی چیز لاتی ہو تم بیٹی ہو خالی ہاتھ آیا کرو ایک تو چینی کی چھوٹی سی پڑیا کے ساتھ آ کر بولی باباجی آج میرے پاس کچھ نہیں تھا اس لیے گھر سے چینی لے آئی ہوں تو میں نے بٹھا لیا اور پوچھا یہ تم کو کس نے سبق دیا ہے کہ خالی ہاتھ نہیں جانا تو بولی جب میرا باپ مجھے باباجی کے گھر چھوڑ آیا تو وہ اپنے مریدوں سے کہا کرتے تھے مرشد سے جب بھی ملنے جا کچھ لے کر جانا ہے چاہے ایک امرود سیب کیلا یا مٹھائی کا ایک لڈو برفی کا ایک ٹکڑا ساتھ میں ہو۔ وہ کہا کرتے تھے غم مصیبت پر پریشان نہیں ہونا اللہ کا شکر کرنا ہے مصیبت کا وقت ٹل جائے گا اللہ کا ہر حال میں شکر کرنا چاہیے میں حیران تھا کہ شہزادی کی باباجی نے کس طرح تربیت کی تھی کہ باباجی کے جانے کے بعد غریب ہونے کے باوجود اپنے باباجی کی تربیت پر عمل کر رہی تھی یہ روحانی بابے درویش فقیر لوگ کیا پارس لوگ ہوتے ہیں کتنی خاموشی سے زنگ اتار کر انسان کو سونے میں تبدیل کر دیتے ہیں شہزادی کو میں نے بہت سمجھایا کہ کوئی درویش آستانہ چلا رہا ہو مریدوں کو چائے پانی کھانا پیش کرنا ہو تو وہاں واقعی خالی ہاتھ تو نہیں جانا چاہیے لیکن میں یہ سب کچھ پسند نہیں کرتا تم خدا کے لیے یہ نہ کیا کرو کیونکہ میں کوئی آستانہ نہیں چلا رہا لیکن شہزادی ضد کی پکی ہے میں حیرت سے اس کو دیکھتا ہوں کہ ایک درویش کامل درویش فقیر لوگ انسانوں کی کردار سازی کی فیکٹریاں ہیں جہاں پر انسانوں کے زنگ دھو کر نفرت غرور تکبر لالچ قتل و غارت جھوٹ بخل فراڈ سے پاک کر کے صالح پر امن معاشرے بنتے ہیں یہ بابے بھی تو اللہ کا خاص انعام ہوتے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

شیطانوں کے بھی جذبات ہوسکتے ہیں، لکی علی کی جاوید اختر پر تنقید

اگر میری بات سے کسی کی شیطانیت کو ٹھیس پہنچی ہو تو میں معذرت خواہ ہوں



ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی گلوکار لکی علی نے حال ہی میں مشہور نغمہ نگار اور شاعر جاوید اختر کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق چند روز قبل جاوید اختر کی ایک مبینہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، جس میں وہ کہتے دکھائی دیے کہ جب فلم شعلے ریلیز ہوئی تھی تو اس زمانے میں لوگ آج کی طرح مذہبی نہیں تھے، اس دور میں جو مکالمے لکھے جاسکتے تھے، اب ویسے الفاظ استعمال کرنا ممکن نہیں رہا۔ انہوں نے مزید کہا، ایک بار میں اور ہدایتکار راجو ہیرانی پونے میں ایک تقریب میں موجود تھے، جہاں میں نے کہا تھا کہ مسلمانوں جیسا مت بنو، بلکہ انہیں اپنے جیسا بنا، یہ المیہ ہے کہ تم خود مسلمانوں جیسے بنتے جا رہے ہو۔

عائشہ عمر فواد خان کے دفاع میں سامنے آگئیں، حمیرا ارشد کو کرارا جواب

فواد خان کا موسیقی کی دنیا اور مقابلوں میں گہرا تجربہ رکھتے ہیں، عائشہ عمر

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان عائشہ عمر نے پاکستان آئیڈل میں جج بننے پر فواد خان پر تنقید کرنے والی گلوکارہ حمیرا ارشد کو آئینہ دکھا دیا۔ گلوکارہ حمیرا ارشد نے فواد خان کے پاکستان آئیڈل میں جج بننے پر تنقید کرتے ہوئے کہا تھا کہ ان کا موسیقی سے کوئی تعلق نہیں ہے، جس پر عائشہ عمر نے بغیر نام لیے حمیرا ارشد کی تنقید کا سخت جواب دیا ہے۔ عائشہ عمر نے فواد خان کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ فواد خان کا موسیقی کی دنیا اور مقابلوں میں گہرا تجربہ رکھتے ہیں کیونکہ وہ خود بھی بطور کنٹسٹنٹ بیٹل آف دی بینڈز مقابلے میں اپنے بینڈ کیساتھ حصہ لے کر کامیاب ہوئے تھے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ فواد اس سے قبل بھی جج رہ چکے ہیں۔

بھارتی پنجابی گلوکار تیجی کالون قاتلانہ حملے میں زخمی

اوٹاوا (این این آئی) معروف بھارتی پنجابی گلوکار تیجی کالون قاتلانہ حملے میں مبینہ طور پر زخمی ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پنجابی گلوکار تیجی کالون پر کینیڈا میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کی ذمہ داری بھارتی گینگسٹر روہت گودرا کے گروپ نے قبول کی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ سوشل میڈیا پر شائع کیے گئے ایک پیغام میں ملزمان نے الزام لگایا کہ گلوکار مخالف گروہوں کو ہتھیار اور رقم فراہم کرتا رہا ہے اور ان کا مخبر بھی ہے۔ ملزمان نے پیغام میں کہا کہ ہم نے کینیڈا میں تیجی پر فائرنگ کی۔ اسے پیٹ میں گولی لگی ہے۔

کیریئر کے آغاز میں غیر مناسب پیشکش کی گئی، تحریم زبیری

کراچی (این این آئی) سابقہ اداکارہ تحریم زبیری نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز کی دنیا میں اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں میں انہیں غیر مناسب پیشکش کا سامنا کرنا پڑا، تاہم انہوں نے فوراً صاف الفاظ میں انکار کر دیا۔ تحریم زبیری نے حال ہی میں حافظ احمد کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری کے تجربات اور خواتین کو درپیش مسائل پر کھل کر گفتگو کی۔

ہدی بیوٹی کا پہلی مس فلسطین نادین ایوب کے ساتھ اشتراک کا اعلان

بغداد (این این آئی) عراقی نژاد امریکی میک اپ آرٹسٹ اور معروف کاسمیٹکس برانڈ ہدی بیوٹی کی چیف ایگزیکٹو ہدی قطان نے باضابطہ طور پر پہلی مس فلسطین نادین ایوب کے ساتھ شراکت داری کا اعلان کیا ہے۔ ہدی بیوٹی کے انسٹاگرام اکانٹ پر کی گئی پوسٹ میں بتایا گیا کہ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم پہلی مس یونیورس فلسطین نادین ایوب کو مس یونیورس مقابلے میں شرکت کے لیے سپورٹ کر رہے ہیں، یہ لمحہ صرف ایک مقابلے سے کہیں زیادہ ہے، یہ طاقت، فخر اور نمائندگی کا مظہر ہے۔ 27 سالہ نادین ایوب روایتی حسینہ نہیں ہیں بلکہ انسانی حقوق اور ماحولیاتی تحفظ کی سرگرم کارکن بھی ہیں۔

اسرانی کی موت کے بعد انو کپور نے بھی اپنی آخری خواہش بتادی

ممبئی (این این آئی) معروف اداکار انو کپور نے اپنی آخری خواہش بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ان کی موت کسی تہوار یا قومی دن کے موقع پر ہو، تو ان کی آخری رسومات خاموشی سے انجام دی جائیں۔ مشہور بھارتی کامیڈین اسرانی کی وفات نے شائقین سینما کو افسردہ کردیا۔ ان کی آخری رسومات خاموشی سے ادا کی گئیں، کیونکہ وہ خود نہیں چاہتے تھے کہ اس وقت بھیڑ جمع ہو۔ انہوں نے زندگی کے آخری ایام میں وصیت کی تھی کہ ان کی آخری رسومات کسی شور وہجوم کے بغیر صرف گھر والے انجام دیں۔ اب انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سینئر اداکار انو کپور نے بھی اپنی آخری خواہش سب کے سامنے ظاہر کی ہے۔ انو کپور نے کہا کہ اگر ان کی موت کسی قومی دن یا تہوار، جیسے دیوالی، ہولی، عید، 15 اگست کے موقع پر ہو، تو ان کی آخری رسومات خاموشی سے اور خفیہ انداز میں انجام دی جائیں۔ انو کپور نے ایک گفتگو میں کہا۔

سپورٹس SPORTS

لاہور کے شیر راولپنڈی میں ڈھیر، بیٹر اور بولر ناکام

جنوبی افریقہ نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز برابر کردی

راولپنڈی (این این آئی) جنوبی افریقہ نے دوسرے اور فیصلہ کن ٹیسٹ میچ میں پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز ایک ایک سے برابر کردی، پاکستانی ٹیم دوسری اننگز میں صرف 138 رنز پر ڈھیر ہوگئی اور 68 رنز کا ہدف دیا جو مہمان ٹیم نے 68 رنز کا ہدف 2 وکٹوں پر حاصل کرلیا 9 وکٹیں لینے والے کیشو مہاراج کو میچ، سینوران متھوسوامے کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا، یہ جنوبی افریقا کی پاکستانی سرزمین پر ٹیسٹ کرکٹ میں 2007 کے بعد پہلی فتح ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیم نے چوتھے روز صرف 44 رنز بنائے اور 6 وکٹیں گنوائیں، گزشتہ روز 49 رنز بنانے والے بابراعظم بھی ایک رن کا اضافہ کرسکے اور نصف سنچری بنانے کے بعد پویلین لوٹ گئے، بابر اعظم کے سوا کوئی بلے باز قابل ذکر کارکردگی نہیں دکھا سکا، بابر اعظم 96 کے مجموعی اسکور پر سائمن ہرمر کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے۔ 105 کے مجموعی اسکور پر 18 رنز بنانے والے محمد رضوان بھی سائمن ہرمر کا شکار بنے اور ٹونی ڈی زورزی نے کیچ تھام کر انہیں پویلین کی راہ دکھائی، اس کے بعد آنے والے نعمان علی بھی کھاتہ کھولے بغیر سائمن ہرمر کی ہی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے۔

پارٹنرشپ کو ہم مکمل نہیں کرسکے، سوامی نے اچھا کھیل پیش کیا، اظہر محمود

راولپنڈی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اظہر محمود نے کہا ہے کہ پارٹنرشپ کو ہم مکمل نہیں کرسکے، سوامی نے اچھا کھیل پیش کیا، جب مدمقابل کو موقع دیں گے تو وہ بہتر پرفارم کرے گی، ہمیں ٹیسٹ میچز ریگولر کھیلنا پڑیں گے۔ میچ کے اختتام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اظہر محمود نے کہا کہ ہمیں ٹیم پر کام کرنے کی ضرورت ہے، موتھوسوامی نے اچھی بیٹنگ کی، اسکور کرنیکا طریقہ آنا چاہیے، اسٹرائک روٹیٹ کرنی چاہیے تھی، ساؤتھ افریقہ نے بلاک نہیں کیا، رنز اسکور کیے، انٹرنیشنل کرکٹ میں دماغی طور پر مضبوط ہونا چاہیے۔

پی ایس ایل فرنچائز ملتان سلطانز کو معطل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز ملتان سلطانز کو معاہدے کی شرائط کی مبینہ خلاف ورزی پر معطلی کا نوٹس جاری کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد فرنچائز کا معاہدہ ختم کرنے کے لیے باضابطہ نوٹس بھی بھیج دیا ہے، یہ اقدام بورڈ اور ملتان سلطانز کے درمیان جاری کشیدگی میں ایک اہم اضافہ سمجھا جا رہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ کارروائی فرنچائز کے مالک علی ترین کے بار بار پی سی بی اور پی ایس ایل انتظامیہ پر عوامی سطح پر کیے گئے تنقیدی بیانات کے بعد کی گئی۔

TENDER NOTICE OF MUNICIPAL COMMITTEE JHELUM

Municipal Committee Jhelum invites Contractors / Firms / Manufacturer / Authorized dealers who are registered with PPRA for E-Procurement on "e-Pak Acquisition and Disposal system (e-PADS)". All e-bids must be submitted through e-PADS and registered with FBR & PRA (NTN and PNTN) concerning works. The Bidding shall be conducted in line with "Single Stage One Envelope" procedure of the Punjab Procurement Rules 2014 and is open to all eligible bidders. Bids must be accompanied by a bid security of required amount in the form of CDR / Pay order from any scheduled bank in Punjab in favor of Municipal Committee Jhelum.

1. Separate Bidding Document containing detailed terms & conditions of the bidding process of respective activity can be downloaded from https://eprocure.gov.pk/ free of cost.
2. The bid(s) prepared in accordance with the instructions mentioned in the respective procurement activity's Bidding Document, must be submitted through e-PADS at https://eprocure.gov.pk by or before 11:00 A.M hours of 06-11-2025 for respective procurement activity mentioned above. The bids will be opened at 02:00 P.M hours on same day through e-PADS for respective procurement activity in the presence of bidders' representatives who shall choose to attend the bids' opening session to be held in office of the Municipal Committee Jhelum.
3. Bidder will have to upload the scanned copy of Bid security on E-PADs & will submit the original CDR in the office of undersigned by or before closing date and time.
4. All Bidders must quote their rates against each entry / item of DNIT / BOQ (instead of percentage) and completely fill all pages of rate analysis / summary / sub summary in their bids.
5. All incomplete bids (i.e incomplete DNIT, BOQ's blank entries / pages of rates / analysis / summary / sub-summary) shall be declared non-responsive and will not be included in the competition for determination of lowest bidder.
6. All bidders shall upload complete bidding documents.
7. Bidders are requested advised to upload there bids on E-Pads well before the deadline of submission and do not wait for the last date to upload. Bid submission on E-Pads portal shall entirely be the responsibility of bidder and MC Jhelum will not be held responsible for any issue thereof.
8. The Competent Authority may reject all bids at any time prior to the approval / acceptance of the Tender rates.
9. Non-responsive bids shall be rejected.
10. This advertisement and bidding documents are available on https://www.ppra.punjab.gov.pk and https://eprocure.gov.pk/#/auth/login.
11. For any assistance regarding E-Pads, please contact given helpline. E-Pads helpline 051-111-137-237
12. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/View Tender. aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Sr#	Title of Scheme	Estimated Cost	TS No. & Date	Earnest Money	Due Date & Time: Bids Submission	Due Date & Time: Bids Opening
1.	Establishment of Bus Shelter for Electro Buses in Jurisdiction of MC Jhelum.	75522951	CE(North) PLGB-TS (MC-Jhelum)2025 13/10/2025	3776148	06-11-2025 At 11:00 A:M	06-11-2025 At 02:00 P:M
2.	Providing & Fixing Acrylic Boards Al Asma-ul-Husna, Asma-ul-Nabi & Ayat's on Electric Poles in the Jurisdiction of Municipal Committee Jhelum	6666000	CE(North) PLGB-TS (MC-Jhelum)2025 16/10/2025	333300		

Chief Officer Municipal Committee Jhelum

IPL-5420

TENDER NOTICE

1. The DHQ HOSPITAL CHAKWAL, invites sealed bids from eligible bidders, Manufacturers, sole proprietor, authorized Sales & Service Dealers/Chain pharmacies, Distributors, Suppliers, Medical stores in case of medicine for the supply of below mentioned items for the financial year 2025-26.

TENDER #	DESCRIPTION	CLOSING DATE	ESTIMATED COST	BID SECURITY
08/DHQCKWL/2025	Frame work contract for purchase of Dialysis Supplies	07-11-2025	10.0 million	2% of the estimated cost
09/DHQCKWL/2025	Frame work contract for purchase of Medical & Surgical Equipment's / Instruments and Personal Computers	07-11-2025	10.0 million	2% of the estimated cost

2. Bidding shall be conducted through Open Competitive Bidding (Single Stage-Two Envelope) procedures specified in the Punjab Procurement Rules PPRA 2014 (amended up to date), and is open to all eligible bidders as defined in the bidding document.
3. Biding documents are also available on Punjab Procurement Regulatory Authority website (https://www.ppra.punjab.gov.pk) and Hospital's website (https://dhqchakwal.punjab.gov.pk) until the closing date for the submission of bids.
4. Bids must be submitted on EPAD. https://punjab.eprocure.gov.pk
5. Sealed Bid security in the form of CDR, Pay Order, Demand Draft, or Banker's Cheque from a Scheduled Bank of Pakistan must be delivered to the above office on or before 11:00 AM. of the closing date of the respective tender.
6. Bids will be opened in the presence of bidders' representatives who choose to attend at 11:30 AM. on the same date (closing date of the respective tender) in the Office of The Medical Superintendent, DHQ Hospital Chakwal on the closing date.
7. The URL of the website of the PPRA is https://eproc.punjab.gov.pk/viewtender.aspx and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of PPRA.
8. The bidders are requested to give their best and final prices as no negotiations are expected.
9. In case the date of opening or last date of submission is declared as a public holiday by the government or non-working day due to any reason, the next official working day shall be deemed to be the date of submission and opening of tenders accordingly. The time and venue shall remain the same.
10. Taxes will be deducted as per applicable government rules and NTN and Active Tax Payers proof must be provided. For obtaining any further information or clarifications, please contact at the following.

Note: The Procurement/Bidding Process shall be governed by the Punjab Procurement Rules, 2014 (Updated till date) The firm is requested to read the Bidding Document Carefully.

Medical Superintendent
DHQ Hospital Chakwal
0543-602005/0314-5836304

IPL-5462

بقیہ 1

دی گئی۔ ایف ایف سی نے محفوظ، مؤثر اور قابلِ اعتماد آپریشنز کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے رپورٹنگ مدت کے دوران مجموعی طور پر 2,207 ہزار ٹن یوریا اور 622 ہزار ٹن ڈی اے پی (DAP) کی پیداوار حاصل کی۔ کمپنی کی کھاد سے متعلق مجموعی آمدن 283 ارب روپے رہی، جبکہ 1,955 ہزار ٹن یوریا اور 541 ہزار ٹن ڈی اے پی کی فروخت ریکارڈ کی گئی۔ کمپنی نے اس مدت کے اختتام پر 57.6 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کیا، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 50.6 ارب روپے کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ اس کے نتیجے میں فی حصص آمدن (Earnings Per Share) 40.5 روپے رہی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 9.50 روپے فی حصص تیسری عبوری نقد منافع (Third Interim Dividend) کا اعلان کیا ہے، جو اس سے قبل ادا کیے گئے 19 روپے فی حصص کے منافع کے علاوہ ہے۔

بقیہ 2

کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 28 اسلحہ ڈیلرز کے لائسنس منسوخ کیے جا چکے ہیں اور کسی کو بھی نیا اسلحہ لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا۔ پنجاب بھر میں امن کمیٹیاں فعال کر دی گئی ہیں جبکہ غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کومبنگ آپریشن جاری ہے تاکہ صوبے میں امن و امان اور ریاستی رٹ کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہڑتال یا احتجاج کے نام پر زبردستی دکانیں یا ٹرانسپورٹ بند کرانا ناقابلِ قبول ہے، اگر کسی نے کاروبار یا مارکیٹ زبردستی بند کرانے کی کوشش کی تو اس کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج کیے جائیں گے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مذہبی جماعت کے احتجاج کے دوران پولیس اہلکاروں پر حملے کیے گئے، گاڑیاں چھینی گئیں، املاک کو آگ لگائی گئی اور شہریوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جماعت فنڈنگ کے ذریعے پرتشدد کارروائیوں میں ملوث رہی، ان کے اکاؤنٹس منجمد کر دیے گئے ہیں اور فنانس کرنے والوں کی فہرست تیار ہے۔ وزیر اطلاعات نے خبردار کیا کہ والدین اپنے بچوں کو ایسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے دور رکھیں، ورنہ دہشت گردی کے مقدمات میں نام درج ہو سکتا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ پنجاب میں کسی بھی طرح کا نیا اسلحہ لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا، صوبہ کو اسلحہ سے پاک کرنے کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 511 اسلحہ ڈیلرز میں سے 393 کے لائسنس قابلِ قبول قرار پائے ہیں جبکہ 28 ڈیلرز کے لائسنس منسوخ کیے گئے ہیں۔ پنجاب میں 10 لاکھ 92 ہزار 646 شہری اسلحہ رکھتے ہیں، جبکہ بغیر لائسنس اسلحہ رکھنے والوں کو ایک ماہ کے اندر اندر اپنا اسلحہ پولیس کے حوالے کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بغیر لائسنس اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر اطلاعات نے بتایا کہ پنجاب بھر میں انتہا پسند جتھوں کی تشہیر پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے بینرز، وال چاکنگ اور پوسٹرز ہٹائے جا رہے ہیں، جبکہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری ہے۔ اب تک 75 نفرت انگیز سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک کیے گئے ہیں جبکہ 107 افراد کو اشتعال انگیزی کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ کسی بھی مسجد کو بند نہیں کیا گیا، جمعہ کی نماز حسبِ معمول ادا کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ لاؤڈ اسپیکر کا استعمال صرف اذان اور جمعہ کے خطبات تک محدود ہوگا، کسی بھی اشتعال انگیزی پر قانون حرکت میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مذہب عبادت گاہوں کو جلانے یا غیر مسلموں کے ساتھ زیادتی کا درس نہیں دیتا، اور احتجاج کے نام پر املاک کو نقصان پہنچانا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے بتایا کہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کومبنگ آپریشنز جاری ہیں۔ تمام اضلاع میں خصوصی مراکز قائم کیے جا رہے ہیں تاکہ ایسے افراد کو باعزت طریقے سے منتقل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی باشندوں کو ٹیکس ادا کیے بغیر کاروبار کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور جو شہری غیر قانونی طور پر ان کو رہائش فراہم کریں گے، ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر صوبے بھر میں پیس کمیٹیاں فعال کی جا رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ موبائل پولیس اسٹیشنز کا آغاز ہو چکا ہے، جو مرحلہ وار تمام اضلاع میں تعینات ہوں گے تاکہ شہریوں کو انصاف کی فوری فراہمی ممکن ہو۔ انہوں نے کہا کہ ریاست سے ٹکرانے والے عناصر یہ یاد رکھیں کہ قانون اور آئین سب سے بالاتر ہیں، ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت ہر اُس اقدام پر قائم ہے جو عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی عملداری اور ریاست کے استحکام کے لیے ضروری ہے۔ کوئی بھی فرد یا گروہ اگر دوبارہ تشدد یا انتشار کی کوشش کرے گا تو ریاست پوری قوت سے جواب دے گی۔

بقیہ 3

کے حوالے سے باہمی ہم آہنگی اور مضبوط سفارتی و دفاعی تعلقات کو سراہا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان رومانیہ کے ساتھ اپنے مضبوط سفارتی اور دفاعی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو علاقائی امن و استحکام کے امور پر باہمی اتفاقِ رائے پر مبنی ہیں۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے دونوں ممالک کے مابین عسکری شراکت داری کو درپیش مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لئے باہمی تعاون کو فروغ دینے اور آپریشنل ہم آہنگی پر بھی زور دیا۔ رومانیہ کے سیکرٹری دفاع نے پاک فضائیہ کی شاندار عسکری کارکردگی اور آپریشنل صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ رومانیہ، پاک فضائیہ کے وسیع تجربے سے استفادہ حاصل کرنے میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔ ملاقات کے دوران رومانیہ کے چیف آف ڈیفنس جنرل گورگیسا ولاد نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جنگی حکمتِ عملی کو سراہتے ہوئے دونوں فضائی افواج کے مابین طویل المدتی تزویراتی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ مشقوں اور تربیتی پروگرامز کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ کا دورۂ رومانیہ دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعلقات کو مستحکم بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے، جو اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ دونوں ممالک بدلتے ہوئے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل رابطے اور شراکت داری کے پختہ عزم پر کاربند ہیں۔

بقیہ 4

نفاست رضا، ڈائریکٹر جنرل ریسورس، ڈائریکٹر میٹرو بس سروسز سمیت دیگر سینئر افسران نے بھی شرکت کی۔ ملاقات میں اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سلسلہ میں دونوں فریقوں نے میٹرو اور الیکٹرک فیڈر بس سٹیشنز تک رسائی کیلئے جدید اور آن لائن ٹرانسپورٹ سروسز کو باہم مربوط کرانے کے ممکنہ آپشنز پر غور کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اسلام آباد کو دنیا کا بہترین دارالحکومت بنانے کیلئے انتہائی پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سستی اور ماحول دوست سفری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین ٹرانسپورٹ سسٹم فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ اس ضمن میں سی ڈی اے بس سٹیشنز اور رئیل ٹائم ٹریکنگ کیلئے گوگل ایپ بھی متعارف کروا چکا ہے۔ اسکو مزید مؤثر بنانے کے مقصد کے حصول کیلئے یانگو کے ساتھ اسلام آباد میں عوامی نقل و حمل کے نظام کو مربوط کرنے کیلئے کام کیا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ یانگو سروسز کو نہ صرف الیکٹرک اور فیڈر بس منصوبے سے مربوط کیا جائے بلکہ سی ڈی اے کی گوگل ایپ سے بھی منسلک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے تحت اسلام آباد کے شہریوں کو میٹرو اور الیکٹرک فیڈر بسوں اور یانگو کی کار اور بائیک سروسز کی آسان طریقہ کار سے معلومات و سہولیات میسر آئے گی۔ یانگو ٹیم نے بتایا کہ یانگو سروسز کی خدمات تیس سے زائد ممالک میں موجود ہیں اور یانگو سروس کئی ممالک میں پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کے ساتھ بھی منسلک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یانگو کے آٹھ ہزار ڈرائیورز رجسٹرڈ ہیں جو سیف سٹی منصوبہ کے ساتھ بھی منسلک ہیں۔ ملاقات میں سستی اور ماحول دوست سفری سہولیات کے فروغ کیلئے الیکٹرک بائیکس و بائیسکل متعارف کرانے پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اسلام آباد میں الیکٹرک بائیکس، سکوٹیز اور بائیسکل کی سہولت متعارف کرائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں اوپن اور شفاف ترین میکنزم کے تحت قومی و بین الاقوامی کمپنیوں کے ذریعے الیکٹرک بائیکس، سکوٹیز اور سائیکلوں کی سہولت متعارف کروانے کی منصوبہ بندی کی جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سی ڈی اے اس مقصد کیلئے تمام ضروری انفراسٹرکچر اور بہترین مواقع مہیا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ ملاقات میں یانگو ٹیم نے اسلام آباد میں ماحول دوست شجر کاری میں دلچسپی اور ثقافتی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کا اظہار کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ملاقات میں یانگو کی تکنیکی صلاحیتوں اور تجربات سے بھرپور استفادہ حاصل کرنے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ بہترین، ماحول دوست اور محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کے شہریوں کو بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 5

اف ڈیجیٹل میڈیا یار ملک اور دیگر سینئر افسران نے ان کا استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔ بعد ازاں انہوں نے محکمہ کے مختلف شعبوں پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا، شعبہ اشتہارات، انتظامیہ اور ٹیکنیکل ونگ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہیں ان شعبوں کے فرائض اور دیگر محکمانہ امور کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت کی کہ تمام افسران حکومت کی عوام دوست پالیسیوں اور اقدامات کو میڈیا میں نمایاں کرنے کے لئے محنت اور جانفشانی سے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں کے سربراہ ماتحت عملے کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دیں، ان کی حاضری یقینی بنائیں اور محکمانہ امور کم سے کم وقت میں نپٹانے کے لیے بروقت ضروری اقدامات کریں۔

بقیہ 6

دیا اور کہا کہ کم آمدن والے خاندانوں کو بلاسود اور آسان قرضہ فراہم کرنے کی یہ کوشش ایک نئی تاریخ رقم کر چکی ہے۔ مریم نواز شریف کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 10 ماہ کے اندر 100,835 خاندانوں کو 120 ارب روپے کے قرضے جاری کئے گئے ہیں جن میں سے 22,305 گھروں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور 64,190 گھر تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ اس پراجیکٹ نے نہ صرف ہاؤسنگ کے شعبے میں انقلاب برپا کیا بلکہ غریب طبقے کو اپنی چھت کا خواب بھی پورا کیا ہے، انہوں نے پراجیکٹ کی ٹیم کو اس شاندار کامیابی پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ 10 ماہ میں ایک سال کا ہدف پورا کرنا ایک قابل تقلید مثال ہے جو دکھاتا ہے کہ ہم اپنے عوام کی خدمت میں کس قدر سنجیدہ ہیں۔ اس موقع پر مریم نواز شریف نے کہا کہ غریب آدمی کو چھت ملنے کے خواب کا پورا ہونا اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہے اور اس پر جتنا شکر ادا کیا جائے، کم ہے، انہوں نے نواز شریف کی اس کاوش کو سراہا جنہوں نے ہمیشہ غریب عوام کیلئے اپنے دل میں جگہ رکھی اور اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کی توفیق ہمیں دی۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات کا عزم بھی ظاہر کیا کہ حکومت اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت پانچ سالوں میں پانچ لاکھ گھروں کا ہدف پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے، پہلی مرتبہ عام آدمی کو یہ احساس ہوا ہے کہ ریاست ماں کے جیسی ہے جو اپنے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتی ہے۔

بقیہ 7

پر تپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران چیمبر کے صدر عثمان شوکت، گروپ لیڈر سہیل الطاف اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، تجارتی سرگرمیوں میں بہتری اور صنعتکاروں کے مسائل کے حل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ گورنر پنجاب نے موقع پر پودا لگا کر ماحول دوستی مہم کا آغاز بھی کیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے اعزاز میں گورنر ہاؤس لاہور میں ایک شاندار تقریب منعقد کی جائے گی۔ گورنر سلیم حیدر نے بتایا کہ دیگر صوبوں میں گورنر ہاؤسز میں اسی نوعیت کی تقریبات ہو چکی ہیں، تاہم پنجاب میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی تقریب ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی شرکت متوقع ہے، اور اگر وہ شریک نہ ہو سکے تو خاتونِ اول آصفہ بھٹو خصوصی طور پر تقریب میں شریک ہوں گی۔

بقیہ 8

نے اپنے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت ایک لاکھ گھروں کا ہدف کامیابی سے پورا کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے اس کامیابی کو ملک کے غریب خاندانوں کیلئے ایک سنگ میل قرار دیا اور کہا کہ کم آمدن والے خاندانوں کو بلاسود اور آسان قرضہ فراہم کرنے کی یہ کوشش ایک نئی تاریخ رقم کر چکی ہے۔ مریم نواز شریف کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 10 ماہ کے اندر 100,835 خاندانوں کو 120 ارب روپے کے قرضے جاری کئے گئے ہیں جن میں سے 22,305 گھروں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور 64,190 گھر تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ اس پراجیکٹ نے نہ صرف ہاؤسنگ کے شعبے میں انقلاب برپا کیا ہے بلکہ غریب طبقے کو اپنی چھت کا خواب بھی پورا کیا ہے، انہوں نے پراجیکٹ کی ٹیم کو اس شاندار کامیابی پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ 10 ماہ میں ایک سال کا ہدف پورا کرنا ایک قابل تقلید مثال ہے جو دکھاتا ہے کہ ہم اپنے عوام کی خدمت میں کس قدر سنجیدہ ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ غریب آدمی کو چھت ملنے کے خواب کا پورا ہونا اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہے اور اس پر جتنا شکر ادا کیا جائے، کم ہے، انہوں نے نواز شریف کی اس کاوش کو سراہا جنہوں نے ہمیشہ غریب عوام کیلئے اپنے دل میں جگہ رکھی اور اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کی توفیق ہمیں دی۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات کا عزم بھی ظاہر کیا کہ حکومت اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت پانچ سالوں میں پانچ لاکھ گھروں کا ہدف پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے، پہلی مرتبہ عام آدمی کو یہ احساس ہوا ہے کہ ریاست ماں کے جیسی ہے جو اپنے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتی ہے۔

بقیہ 9

سے خطاب میں کہا ہے کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے، ماحولیاتی تبدیلی پاکستان کیلئے وجودی خطرہ بن چکی ہے، پاکستان آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے ساتھ ماحولیاتی چیلنجز پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے بعد پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف فرنٹ لائن ریاست ہے، بھارت پہلگام واقعے کا ملبہ پاکستان پر ڈالنا چاہتا ہے، دنیا 2 جوہری ریاستوں کے درمیان تصادم کی متحمل نہیں ہو سکتی، مسئلہ کشمیر کا حل خطے میں پائیدار امن کی ضمانت ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امن کے فروغ کے تعمیری کردار کے معترف ہیں۔ رضوان سعید شیخ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان امریکہ تعلقات تاریخی طور پر بہترین سطح پر ہیں، پاکستان، چین اور امریکا کے درمیان تعمیری کردار ادا کرنے کو تیار ہے، افغانستان سے جنم لینے والی دہشت گردی سے پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہے، پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر عوام کی سلامتی پر سمجھوتا نہیں کرے گا۔

بقیہ 10

کی بڑی کھیپ کو ضبط کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیول چیف اور جہاز ریموک کے عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاک بحریہ کے جانبازوں پر ناز ہے اور پاک بحریہ کا انسداد منشیات آپریشن قابل فخر کارنامہ ہے۔

بقیہ 11

کے نظریات کا احترام ضروری ہے۔ جمعرات کو وہ بین الاقوامی علماء و مشائخ اسلام کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ علماء و مشائخ نے ہمیشہ ملک میں امن و اتحاد کے قیام میں اہم کردار ادا کیا، وزارت مذہبی امور کی علماء و مشائخ کونسل میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی شامل ہے، مختلف مسالک کے علماء کا ایک پلیٹ فارم پر آنا امت کے اتحاد کی علامت ہے۔ میلاد اور سیرت کانفرنسز امت مسلمہ کے درمیان ہم آہنگی کا ذریعہ ہیں، حکومت زیارات کے لیے بحری و بری راستوں کو بہتر بنانے کے اقدامات کر رہی ہے، زائرین کے لیے بحری سفر کا نیا نظام متعارف کرانے پر غور جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت کے اتحاد و امن کے لیے علماء کا مثبت کردار وقت کی ضرورت ہے، اتحاد و اتفاق سے ہی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 12

انتخابات نئے بلدیاتی ایکٹ 2025 کے مطابق ہوں گے جس کی باقاعدہ منظوری سے پنجاب حکومت قوانین بنائے گی اور نئی حلقہ بندیوں پر کام شروع ہو جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کی رجسٹریشن اہم مسئلہ ہے یہاں ہمارے ڈویژن میں خواتین اور مردوں کی رجسٹریشن میں 7 فیصد کا فرق باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن مکمل طور تیار ہے اور نئی حلقہ بندیوں پر کام تیزی سے جاری ہے تاکہ پنجاب اسمبلی نے لوکل ایکٹ 2025 منظوری دے دی۔ اس لئے حالیہ بلدیاتی انتخابات لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے تحت ہوں گے، جیسے ہی پنجاب حکومت کی جانب سے نئے لوکل ایکٹ کے قوانین مل جائیں گے تو سرگودھا سمیت صوبہ میں نئی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ نئے بلدیاتی ایکٹ میں تعلیم، فاکر اور نان فاکر کی کوئی قدغن نہیں ہے۔ اسسٹنٹ الیکشن کمشنر محمد جنید نے کہا کہ ضلع سرگودھا کی نئی حلقہ بندیوں کی تمام تیاریاں مکمل ہیں، چیف الیکشن کمشن کے پہلے ہی بلدیاتی الیکشن کروانے کے واضح احکامات جاری ہیں۔ اسسٹنٹ الیکشن کمشنر محمد ابوبکر نے بتایا کہ ضلع سرگودھا 3156 بلاک میں تقسیم کیا گیا ہے اور 592 بلاک میں خواتین کی شناختی کارڈز بننے کے مسائل ہیں خواتین اپنی نادرا سے رجسٹریشن کروائیں تاکہ مسائل حل ہو سکیں۔ چیمبرز کے قائم مقام صدر جمیل اختر جامی نے کہا کہ بلدیاتی انتخاب سے ہر پارٹی کی ابتداہوتی ہے اور اس پلیٹ فارم سے ہی لوگ اسمبلیوں اور ایوانوں کی سیڑھیاں چڑھتے ہیں آخر میں چیمبرز نے مہمانوں کو یادگاری شیلڈیں پیش کیں۔

بقیہ 13

بتایا کہ صنعتی شعبے کیلئے اضافی بجلی کے یونٹ کی قیمت 34 روپے سے کم کر کے 22 روپے 98 پیسے جبکہ زرعی شعبے کیلئے اضافی یونٹ کی قیمت 38 روپے سے کم کر کے 22 روپے 98 پیسے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے صارفین کے لیے بجلی کی اوسط قیمت خرید میں کمی آئے گی اور صنعت اور زراعت کے شعبوں کو اضافی بجلی کے استعمال پر کم نرخوں پر بجلی مہیا کی جائے گی جس سے پیداوار میں اضافہ ممکن ہوگا۔ اویس لغاری نے کہا کہ اگر زرعی صارف پہلے 100 یونٹ استعمال کر رہا تھا، تو اضافی 100 یونٹ کے استعمال پر اس کی اوسط بجلی قیمت میں 7 روپے فی یونٹ کمی آئے گی جبکہ صنعتی شعبے میں اگر آپ 1000 یونٹ استعمال کر رہے تھے تو اب اضافی 1000 یونٹ کے استعمال پر اوسط بجلی کی قیمت میں تقریباً 5 روپے فی یونٹ کمی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صنعت کیلئے پہلے ہی قیمتیں کم کر چکے ہیں اور اب مزید کمی سے صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ حکومت عوام سے کیے گئے وعدے پورے کر رہی ہے اور امید ہے کہ اس اقدام سے معیشت میں بہتری آئے گی۔

بقیہ 14

اس میلے کے دو مرحلوں میں 222 ممالک اور خطوں سے مجموعی طور پر ایک لاکھ 57 ہزار غیر ملکی خریدار شریک ہوئے، یہ تعداد اس میلے کے گزشتہ سیزن سے 6.3 فیصد زیادہ ہے۔ میلے کے دوسرے مرحلے میں 10 ہزار سے زیادہ کاروباری ادارے اپنی مصنوعات کی نمائش کر رہے ہیں جن میں زیادہ توجہ گھریلو استعمال کی اشیاء، تحائف، سجاوٹ کی چیزیں، تعمیراتی سامان اور فرنیچر وغیرہ شامل ہیں۔ بین الاقوامی خریداروں نے میلے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ میلہ بین الاقوامی تجارت کے لئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے چین کی مضبوط صنعتی اور سپلائی چین کو اس غیر یقینی صورتحال میں استحکام کا ایک ذریعہ بھی قرار دیا۔ میلے کے دوسرے مرحلے میں 45 بڑے عالمی ریٹیلرز نے شرکت کی، جن میں ٹارگٹ اور کنگ فشر بھی شامل ہیں، یہ شرکت ایک مضبوط پیداواری مرکز کے طور پر چین کے کردار پر بھرپور اعتماد کی علامت ہے۔ 15 اکتوبر سے 4 نومبر تک تین مراحل میں منعقد ہونے والے 138 ویں کینٹن میلے میں ریکارڈ 74 ہزار 600 سٹالز اور 32 ہزار سے زائد نمائش کنندگان شریک ہیں۔

بقیہ 15

آغاز چمن بارڈر سے ہو گیا ہے۔ سرکاری حکام کے مطابق، ٹریڈ کی بحالی سے تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور کارگو آپریٹرز کو بڑا ریلیف ملے گا، تاجر برادری پر امید ہے کہ مرحلہ وار بحالی سے دونوں ملکوں کے درمیان تجارت دوبارہ معمول پر آ جائیگی۔ واضح رہے کہ یہ پیش رفت اُس وقت سامنے آئی ہے، جب کابل اور اسلام آباد کے درمیان فوجی جھڑپوں میں شدت دیکھنے میں آئی، بارڈر پر ہونے والی جھڑپوں اور 15 اکتوبر کو ہونے والے حملوں کے بعد یہ معاملہ بڑے تنازع میں تبدیل ہونے کا خدشہ موجود تھا، تاہم اس دوران دونوں ملکوں نے عارضی جنگ بندی پر اتفاق کیا۔ 15 اکتوبر کو ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق افغانستان جانے والی ٹرانزٹ گاڑیاں بارڈر ایریا میں پہنچ چکی ہیں تاہم انہیں پاکستانی حدود سے باہر جانے کی اجازت نہیں۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا تھا کہ یہ گاڑیاں یکم اکتوبر کو شروع ہونے والی نئی ٹریکنگ اینڈ مانیٹرنگ سسٹم کے تحت ٹریکنگ ڈیوائسز، آر ایف آئی ڈی سیلز سے لیس ہیں۔ بارڈر ٹرمینلز پر پارکنگ کی محدود گنجائش ہے جس کی وجہ سے شدید رش پیدا ہو گیا، بیان میں مزید کہا گیا کہ گاڑیوں کی طویل پارکنگ یا کھڑے رہنے سے ڈیوائس اور سامان کی چوری ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ واپسی کے سفر نہ ہونے کی صورت میں پورٹ ٹرمینل پر ٹریکنگ ڈیوائس کی کمی بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ کے مطابق 15 اکتوبر تک طورخم بارڈر پر 107 گاڑیاں اور چمن پر 357 گاڑیاں پہنچ چکی تھیں، جبکہ مزید 37 گاڑیاں طورخم اور 85 گاڑیاں چمن کی جانب رواں ہیں۔ نوٹیفکیشن کے اختتام پر کہا گیا تھا کہ سرحدی مقامات پر رش سے بچنے اور کارگو سامان کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے، ڈائریکٹوریٹ، پورٹ ٹرمینل آپریٹرز، مال بردار کمپنیوں، افغان کلیئرنگ ایجنٹس اور ٹریکنگ کمپنیوں سے مشاورت کے بعد عارضی طور پر ٹرانزٹ سامان کی پراسیسنگ اس وقت تک روک رہا ہے، جب تک سرحدی سرگرمیاں معمول پر نہیں آ جاتیں، طورخم اور چمن، پاکستان اور افغانستان کے درمیان اہم تجارتی راستے ہیں، جہاں سے تازہ پھل، سبزیوں سمیت مختلف اشیا کی ترسیل ہوتی ہے۔

بقیہ 16

وزارت صحت، ڈریپ، این آئی ایچ اور فارما انڈسٹری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ جمعرات کو جاری پریس ریلیز کے مطابق ہارون اختر خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت ہے کہ پاکستان میں ویکسین کی مقامی پیداوار کو فروغ دیا جائے تاکہ قومی صحت کے نظام کو مضبوط، پائیدار اور خودمختار بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر ویکسین کی مقامی تیاری کے لیے ایک اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جو قومی ویکسین پالیسی کی تشکیل، ادارہ جاتی اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت کے حوالے سے سفارشات پیش کرے گی۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان میں مقامی ویکسین کی تیاری قومی صحت اور سلامتی کے لیے ناگزیر ہے، حکومت اس مقصد کے لیے جامع پالیسی تشکیل دے رہی ہے تاکہ نہ صرف درآمدی انحصار کم ہو بلکہ امپورٹ بل میں واضح کمی لا کر معیشت کو مستحکم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی ویکسین کی تیاری سے آئندہ وباؤں اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھے گی، جبکہ بائیوٹیک اور فارماسیوٹیکل سیکٹر کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ حکومت عالمی اداروں کے ساتھ ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے کے لیے مسلسل رابطے میں ہے۔ اس مقصد کے لیے "پاکستان ویکسین مینوفیکچررز الائنس" کے قیام کی تجویز زیر غور ہے جس سے ادارہ جاتی ہم آہنگی اور پالیسی کے نفاذ میں تیزی آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) اور ڈریپ کی استعداد کار بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ پاکستان ویکسین کی تیاری میں خود کفیل ہو سکے۔ ہارون اختر خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نیشنل ویکسین پالیسی کو جلد حتمی شکل دی جائے گی اور پاکستان کو ویکسین کے میدان میں خود مختار بنانے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 17

الناس بالخصوص لاہور کے رہائشیوں کو ترغیب دی ہے کہ وہ اپنے اہلخانہ کے ہمراہ اس سائنس میلے میں بھرپور شرکت کریں کیونکہ پی ایچ ای سی کے مختلف سینٹرز اور کئی دیگر اعلیٰ تحقیق و ترقی سے منسلک اداروں کی ٹیمیں یہاں پہنچ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سائنس کے فروغ کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے اور پی اے ای سی نے اس نصب العین کے تحت خوارزمی سائنس سوسائٹی کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ ڈاکٹر راشد نے مزید کہا کہ لاہور سائنس میلہ محض بچوں یا طلباء و طالبات کے لیے نہیں بلکہ ہر عمر کے لوگ اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا، "پاکستان اٹامک انرجی کمیشن تجسس کی ترویج، سائنسی تحقیق کے فروغ اور نوجوان ذہنوں میں سیکھنے کے رجحان کی تشفی کے لیے سائنس میلے میں کئی سالوں سے حصہ لے رہا ہے، کیونکہ ان رجحانات کا فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔" میلے کے دوران معدنیات کی تلاش، بجلی کی پیداوار، زرعی اصلاحات اور صحت کے شعبوں میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے کردار کو دلچسپ انداز میں دکھایا جائے گا۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے اسٹال کی خاص بات یورپین آرگنائزیشن فار نیوکلیئر ریسرچ (سرن) اور پاکستان کے درمیان تعاون کی نمائش ہوگی۔ 2 روزہ لاہور سائنس میلہ 25 اکتوبر بروز ہفتہ کریسنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول میں شروع ہو کر 26 اکتوبر بروز اتوار اختتام پذیر ہوگا۔ میلے کا انعقاد خوارزمی سائنس سوسائٹی کے زیر اہتمام ہو رہا ہے جس کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد صبیح انور نے ملک میں سائنس کو فروغ دینے کے مقصد کے ساتھ اس میلے کا آغاز 2017 میں کیا تھا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ لاہور سائنس میلہ کووڈ سے متاثرہ سالوں کے علاوہ باقاعدہ سالانہ تقریب بن گیا ہے۔ گزشتہ سائنس میلے میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں نے شرکت کی تھی۔ سائنس میلہ 2025 خاص طور پر نوجوان طلباء و طالبات کے لیے تفریحِ طبع کا باعث ہوگا چونکہ اس میں مختلف پرکشش اسٹال شامل ہیں جن میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مختلف نمائش کنندگان، سیارہ گاہ، لیزر مظاہرے، لائٹ ڈسکو، دلچسپ انڈور ورکشاپس کے ساتھ معلوماتی آڈیٹوریم ٹاکس شامل ہیں۔ میلے کے دونوں دن داخلہ سب کے لیے اور مفت ہے۔

بقیہ 18

کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل حالات میں ثابت قدمی اور عزم کا مظاہرہ کیا، ان کا حوصلہ اور استقامت قوم کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ جمہوریت کی جدوجہد میں نمایاں کردار ادا کیا اور تحمل اور عزم کے ساتھ تحریک کی قیادت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل وقت کا ہمت کے ساتھ سامنا کیا اور جمہوری اقدار پر کاربند رہیں، بیگم نصرت بھٹو کی استقامت قوم کو جمہوری اصولوں کو برقرار رکھنے اور مزید جامع معاشرے کے لیے کام کرنے کی ترغیب دیتی رہے گی۔ صدر مملکت نے مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 19

دارالحکومت کے تمام بڑے منصوبوں کے لیے پراجیکٹ ڈائریکٹرز کو تعینات کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر منصوبے کیلئے الگ پراجیکٹ ڈائریکٹر کی تعیناتی سے منصوبوں پر جاری پیش رفت میں بہتری آئے گی اور متعلقہ پراجیکٹ ڈائریکٹرز اپنے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کا ذمہ دار ہوگا۔ اجلاس میں گندھارا کلب کو فعال کرنے کے پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گندھارا کلب میں کھیلوں اور تفریح کی مختلف سہولتیں مہیا کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گندھارا کلب میں موجودہ کلبز سے بہتر اور زیادہ سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ کلب میں جدت لانے کیلئے ٹاپ گالف اور گو کارٹنگ جیسی سہولتوں کو بھی متعارف کرایا جائے گا، جدید سہولیات سے آراستہ گندھارا کلب اپنی نمایاں خصوصیات کی وجہ سے دارالحکومت کا مرکز بنے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ گندھارا کلب کا ٹوپوگرافی سروے مکمل کر لیا گیا ہے۔ اجلاس میں نئے کنونشن سنٹر کی تعمیر کے منصوبے سے متعلق امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ نے نئے کنونشن سنٹر کی تعمیر کے منصوبے کا جامع پلان طلب کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سی ڈی اے ہسپتال کا متبادل پلان پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایسا پلان مرتب کیا جائے جس سے سی ڈی اے ملازمین کو علاج معالجے کی بہتر سہولت میسر

گوجرخان؛ غیر ملکی باشندوں کے خلاف آپریشن التوا کا شکار

عوامی منتخب نمائندگان کی چشم پوشی اور سماجی شخصیات کی پراسرار خاموشی کے پیچھے کون سے اغراض ومقاصد چھپے ہیں

صندل روڈ کے رہائشیوں نے گزشتہ روز کریانہ دکان پر حملہ آوروں کو افغان باشندے قرار دیا جنہوں نے پاکستانی کارڈ بنوائے ہوئے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومت پاکستان کی جانب سے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد ہر تحصیل، ضلعے میں افغان غیر قانونی باشندوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہے تاہم تحصیل گوجرخان کے باسیوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا شہر اور گردونواح کے دیہاتوں میں غیر ملکی، غیر قانونی پناہ گزینوں کی بھرمار ہے شہر دیہی علاقوں میں جو وارداتوں کا سلسلہ عروج پر ان میں غیر ملکی باشندے ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ سمجھ سے بالاتر ہے تحصیل گوجرخان میں اس طرح آپریشن کیوں نہیں کیا جا رہا جیسے دیگر شہروں (بقیہ نمبر 29)

سرکل پولیس کی کارروائیاں منشیات برآمد قتل کے اشتہاری گرفتار

دو منشیات فروش دھر لیے ایک سے 520 گرام چرس دوسرے سے 15 لیٹر شراب برآمد

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان پولیس کا منشیات فروشوں اور اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری دو منشیات فروش گرفتار مقدمات درج ملزمان پابند سلاسل جبکہ دو سال قبل غیرت کے نام پر بھتیجی کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار جبکہ ایک اور قتل کیس کا ملزم اڈیالہ جیل بھیج دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان نے شراب سپلائر کے (بقیہ نمبر 30)

لاہور ریسکیو اہلکار چوبرجی کے گندے نالے میں گرنے والی گائے کو باہر نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں

ڈرائیونگ لائسنس مہم کی کامیابی، آئی جی کا پولیس افسران کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (این این آئی) ڈرائیونگ لائسنس مہم کی کامیابی پر آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس افسران اور رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ہدایت پر اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ڈرائیونگ لائسنس مہم شروع کی تھی، مہم کے کامیاب انعقاد پر آئی (بقیہ نمبر 31)

14 اشتہاری مجرمان سمیت 24 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے 14 اشتہاری مجرمان سمیت 24 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ رمنا، تھانہ ترنول، تھانہ سہالہ، تھانہ (بقیہ نمبر 32)

کندھ کوٹ، انڈس ہائی وے پر دن دیہاڑے اساتذہ سے ڈکیتی

مسلح افراد موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون لوٹ کر فرار، کارروائی کا مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: انڈس ہائی وے پر دن دہاڑے اساتذہ سے ڈکیتی، مسلح افراد موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون لوٹ کر فرار کندھ کوٹ انڈس ہائی وے پر بی سیکشن تھانے کی حدود میں دن دہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات سامنے آئی اطلاعات کے مطابق آج صبح تقریباً ساڑھے نو بجے ٹھل روڈ مائی مسجد کے قریب دو نامعلوم مسلح موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 33)

تین وائلڈ لائف افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف میں تین افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے۔ ترجمان کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ضلع نارووال محمد ارشد ناز کا اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ضلع جہلم تبادلہ، جہلم میں تعینات اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر عابد حسین کو اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر (ہیڈ کوارٹرز) جہلم تعینات اور اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر محمد تیمور کو خالی آسامی پر اسسٹنٹ چیف وائلڈ (بقیہ نمبر 34)

عدالت نے قتل کیس میں تین مجرموں کو عمر قید کی سزا سنادی

منظور، عتیق اور عبداللہ کو عمر قید، 10 لاکھ روپے قید کی سزا سنائی گئی

لاہور (این این آئی) مقامی عدالت نے قتل کیس میں تین مجرموں کو عمر قید کی سزا سنادی۔ ایڈیشنل سیشن جج شازب ڈار نے ماڈل ٹاؤن کے رضوان کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنادیا، جس میں مجرم منظور، عتیق اور عبداللہ کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے قید کی سزا سنادی گئی۔ ملزمان کے خلاف پراسیکیوٹر اقراء لطیف نے استغاثہ کے گواہ پیش کئے، بتایا گیا کہ ملزم (بقیہ نمبر 35)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین واسا ہیڈ کوارٹرز میں بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران میں اعزازی شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں۔

گوجرخان میں چور، وہیکل لفٹرز نے پنجے گاڑ لیے

مہران کار، لوڈر رکشہ نامعلوم چور لے اڑے سروس روڈ پر ان ڈرائیو ٹیکسی ڈرائیور اور راہگیر کو ڈکیتوں نے لوٹ لیا وارڈ 19 میں گھر کا صفایا

شہری بڑھتی وارداتوں کے پیش خیمہ عدم تحفظ کا شکار ہفتے بھر میں درجنوں وارداتوں سے شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) وہیکل لفٹنگ، ڈکیتی، سرقہ بالجبر کی وارداتیں شروع شہری قیمتی اثاثوں سے محروم جرائم پیشہ عناصر نے شہر میں ایک بار پھر پنجے گاڑ لیے وارداتوں کے ایک نہ تھمنے والے سلسلے کے پیشہ خیمہ شہری عدم تحفظ کا شکار شہر اور گردونواح میں شدید خوف ہراس پھیل گیا۔ شہریوں نے اے ایس پی گوجرخان سے گشت کا نظام مزید موثر بنانے اور متحرک گینگز کو فوری طور پر ٹریس کرکے کیفر کردار (بقیہ نمبر 36)

وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے ہاؤس رینٹل سیلنگ بڑھانے کی تجویز

سمری میں گریڈ 1 سے 22 تک کے وفاقی ملازمین کے لیے یکساں اضافے کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے وفاقی سرکاری ملازمین کے لیے رینٹل سیلنگ بڑھانے کی سمری وفاقی کابینہ کو ارسال کر دی۔ وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے وفاقی سرکاری ملازمین کے ہاؤس رینٹ سیلنگ میں 85 فیصد اضافے کی سمری وفاقی کابینہ کو ارسال کر دی ہے۔ سمری میں گریڈ 1 سے 22 تک کے وفاقی ملازمین کے لیے یکساں اضافے کی سفارش کی گئی ہے۔ ہاؤس رینٹ سیلنگ میں یہ اضافہ وفاقی کابینہ سے (بقیہ نمبر 38)

پنجاب، سرکاری سکولوں میں انگریزی زبان کی بہتری کا پلان تیار

اساتذہ کو عالمی معیار کے مطابق انگلش لینگویج پروفیشنسی ٹریننگ دی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری سکولوں میں انگریزی زبان کی بہتری کا پلان تیار کر لیا گیا، جس کے تحت سرکاری اساتذہ اور سٹوڈنٹس کو انگریزی زبان سکھائی جائے گی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے اس منصوبے کیلئے 12 ارب کا تخمینہ پیش کر دیا۔ منصوبے کے تحت سٹوڈنٹس کو جدید نصاب اور عملی زبان دانی کے مواقع فراہم کئے جائیں گے جبکہ اساتذہ کو عالمی معیار کے مطابق انگلش لینگویج پروفیشنسی ٹریننگ دی جائے گی۔ اس کے علاوہ (بقیہ نمبر 39)

عوام کو سستا گوشت فراہم کرنے کیلئے ایکسپورٹ پر پابندی کا فیصلہ

مٹن، بیف، انڈوں، چکن کی ایکسپورٹ پر کچھ عرصے کے لیے پابندی کی تجویز پیش

لاہور (این این آئی) عوام کو سستا گوشت فراہم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع وزارت پیداوار کے مطابق مٹن، بیف، انڈے اور چکن کی ایکسپورٹ پر کچھ عرصے کے لیے پابندی کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ ذرائع وزارت پیداوار کا کہنا ہے کہ سیلاب سے زراعت اور لائیو اسٹاک متاثر ہوئے ہیں، گوشت کی بے جا بڑھتی قیمتوں کا اثر چکن پر بھی پڑ رہا ہے۔

ملک میں اسموگ کے خطرات کے پیش نظر ایڈوائزری جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک میں اسموگ کے خطرات کے پیش نظر ایڈوائزری جاری کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں پنجاب کے بڑے شہروں میں اسموگ چھائے رہنے کا خدشہ ہے۔ متعدد شہر اسموگ کی لپیٹ میں رہیں گے، بچے بوڑھے اور بیمار لوگ سب سے زیادہ متاثر ہونگے۔ ایڈوائزری کے مطابق (بقیہ نمبر 37)

ایس پی ڈولفن کا اردل روم، پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے اردل روم کے دوران پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے ڈولفن پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل ایس پی ڈولفن کے سامنے رکھے، حل طلب (بقیہ نمبر 40)

کھیوڑہ سالٹ مائن میں میکنائزآپریشن کی افتتاحی تقریب

پی ایم ڈی سی ایکسپورٹ اور ان ڈائریکٹ ایکسپورٹ میں داخل ہوگئی ہے ورکرز کے لئے ایک اچھا انوائرمنٹ مہیا کریں گے

کھیوڑہ سالٹ ڈیڑھ سو سال پر محیط ہے، پی ایم ڈی سی کے ایم ڈی اسد احمد کا خطاب، پاکستان میں نئی معدنی ڈسکوری کی نوید

کھیوڑہ (سرفراز عباس) تفصیلات کے مطابق کھیوڑہ سالٹ مائن میں ایک میکنائز آپریشن کی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت پی ایم ڈی سی کے مینجنگ ڈائریکٹر اسد احمد نے کی تقریب میں کھیوڑہ سالٹ پراجیکٹ کے مینجر ملک نعیم واگھرہ نے کھیوڑہ سالٹ پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ کھیوڑہ سالٹ ڈیڑھ سو سال پر محیط ہے مینجنگ ڈائریکٹر کے ویژن کے مطابق پی ایم ڈی سی ایکسپورٹ اور ان ڈائریکٹ ایکسپورٹ میں داخل ہوگئی ہے ورکرز کے لیے ایک اچھا انوائرمنٹ مہیا کریں گے پی ایم ڈی سی کے پاس پہلی قسط 50 ہزار ڈالر ہمارے اکاونٹ میں آچکے ہیں جسکا ایک ایک مزدور کا اس کا فائدہ پہنچے گا مینجنگ ڈائریکٹر اسد احمد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پچاس سال سے ان پراجیکٹس سے سالٹ نکال رہے تھے یا کول نکال رہے تھے ہمارا کام (بقیہ نمبر 41)

پی ایم ڈی سی کے مینجنگ ڈائریکٹر اسد احمد نے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: صوبائی وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان ریونیو اتھارٹی میں رواں مالی سال کے پہلے کوارٹر میں ادارے کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، طالب علم سے زیادتی کرنیوالے معلم کو عمر قید کی سزا

مجرم کو قرار واقعی سزا ملنے پر سی پی او کی ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیم کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث طالب علم سے زیادتی کرنے والے معلم کو عمر قید کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق طالب علم سے زیادتی کرنے والے معلم کو معزز عدالت نے عمر قید کی سزا سنادی، مجرم محمد افضل کو 5 لاکھ روپے ہرجانے اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی بھی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ مئی 2022 تھانہ نصیر آباد میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، 19 سالہ لڑکی کو قتل کرنیوالا اشتہاری گرفتار

جاتلی میں اشتہاری نے پسند کی شادی کرنے پر بھتیجی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 19 سالہ لڑکی کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے اشتہاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو سال قبل غیرت کے نام پر 19 سالہ لڑکی کو قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کرلیا، جاتلی کے علاقہ میں اشتہاری نے پسند کی شادی کرنے پر اپنی بھتیجی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، مقتولہ نے پسند کی شادی کی تھی جس کا اسکی فیملی کو رنج تھا، مقتولہ (بقیہ نمبر 43)

وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ دیوالی گرانٹ کے چیک اقلیتی برادری میں تقسیم کر رہے ہیں

پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی کے خلاف موثر اقدامات کئے

نوجوان قوم کے روشن مستقبل کے ضامن ہیں، جنرل احمد شریف

صوابی (این ای این) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان نے افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی کیخلاف موثر اقدامات کیے ہیں، آئندہ بھی پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی ٹوپی) صوابی (کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ پاک افغان سرحدی جھڑپ، سکیورٹی صورتحال اور سوشل میڈیا کے کردار پر بھی بات چیت کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ نوجوان قوم کے روشن مستقبل کے ضامن ہیں اور ملکی ترقی و خوشحالی میں نوجوانوں کا کردار کلیدی ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے طلبہ اور اساتذہ نے شہدا و غازیان پاک افواج کو (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کا معاملہ

ملوث مرکزی سمیت 6 ملزمان تحویل میں لے لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی کے علاقہ گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کی ویڈیو سامنے آنے کے معاملے پر ملوث مرکزی ملزم سمیت 6 ملزمان کو تحویل میں لے لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے علاقہ گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کی ویڈیو سامنے آنے کا معاملہ، سی پی او سید خالد ہمدانی کی خصوصی ہدایت پر سٹی پولیس نے رات بھر کریک ڈاؤن کیا، تشدد میں ملوث مرکزی ملزم سمیت 6 افراد کو تحویل میں لے لیا گیا، تشدد کرنے والے دیگر (بقیہ نمبر 45)

مظفر آباد، سابق صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان کو اکادمی ادبیات پاکستان کی صدر نشین ڈاکٹر نجیبہ عارف ادب کانفرنس کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، غلام شاہ قبرستان میں قبروں کی بے حرمتی

قبرستان میں آوارہ کتوں کی بھرمار، میونسپل انتظامیہ کی غفلت بے نقاب

ڈویژن بیورو چیف (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے تاریخی غلام شاہ قبرستان میں قبروں کی بے حرمتی کا سلسلہ جاری ہے۔ چاردیواری نہ ہونے کے باعث آوارہ کتے اور دیگر جانور قبرستان میں داخل ہو کر قبروں پر پیشاب کر رہے ہیں، جس سے قبرستان کا تقدس بری طرح مجروح ہو رہا ہے علاقہ مکینوں نے بتایا کہ قبرستان میں صفائی ستھرائی کا کوئی (بقیہ نمبر 46)

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، شہری پر تشدد کرنے والے افراد پولیس کی حراست میں

اردن پولیس سروس کے پولیس افسران کا سکیورٹی ڈویژن کا دورہ

ایس ایس پی سکیورٹی نے وفد کا استقبال کیا، مرکزی نظام اور کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) اردن پولیس سروس اور نیشنل پولیس اکیڈمی کے سینئر پولیس افسران پر مشتمل وفد نے سکیورٹی ڈویژن کا دورہ کیا، ایس ایس پی سکیورٹی کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے وفد کا استقبال کیا اور انہیں سکیورٹی ڈویژن کے مرکزی نظام اور اس کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق اردن پولیس سروس اور نیشنل پولیس اکیڈمی کے سینئر پولیس افسران پر مشتمل وفد نے سکیورٹی ڈویژن اسلام آباد کا دورہ کیا، ایس ایس پی سکیورٹی کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے وفد کا استقبال کیا اور انہیں سکیورٹی ڈویژن کے (بقیہ نمبر 47)

ٹی ایل پی کے کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، 954 گرفتار

دیگر پرتشدد مظاہرین مختلف اضلاع میں مفرور ہیں، پولیس کی ٹیمیں چھاپے مار رہی ہیں

لاہور (این این آئی) پولیس نے تحریک لبیک پاکستان کے پرتشدد مظاہرین کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 954 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور لوکیٹر کی مدد سے مفرور ملزمان کو پکڑنے کیلئے لاہور میں چھاپے مارنا شروع کر دیئے ہیں اور دیگر اضلاع میں بھی کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ٹی ایل پی کے دیگر پرتشدد مظاہرین مختلف اضلاع میں مفرور ہیں جن کے خلاف پولیس کی مختلف ٹیمیں چھاپے مار رہی ہیں۔

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چائلڈ پورنوگرافی کے عالمی گینگ کے مرکزی کردار کے خوفناک انکشافات

ملزم 14 سال تک اپنے ہی خاندان کی کم عمر بچیوں کیساتھ گھناؤنا فعل کرتا، ویڈیوز بنا کر ڈارک ویب پر بیچتا رہا

چالاک ملزم کو پکڑنے میں این سی سی آئی اے کو پورا ایک سال لگا، ملزم کو ٹریس کرنے کیلئے غیر ملکی اداروں سے بھی مدد لی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور سے گرفتار ہونے والے چائلڈ پورنوگرافی کے عالمی گینگ کے مرکزی ملزم نے تفتیش میں خوفناک انکشافات کر دیئے۔ ملزم کمسن بچیوں کے ساتھ گھناؤنے فعل کی ویڈیوز ڈارک ویب پر بیچتا رہا۔ ذرائع کے مطابق ملزم قریبی رشتہ دار 7 بچیوں کے ساتھ گھناؤنے فعل میں ملوث تھا۔ ملزم 14 سال تک اپنے ہی خاندان کی دو کم عمر بچیوں کے ساتھ گھناؤنا فعل کرتا اور ویڈیوز بنا کر ڈارک ویب پر بیچتا رہا۔ ملزم نے 2008ء سے 2022ء کے دوران بچیوں کی ویڈیوز بنا کر ڈارک ویب پر بیچیں۔ ملزم بچیوں کو فحش ویڈیوز دکھا کر اپنے (بقیہ نمبر 48)



راولپنڈی، زیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کرکے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 1 کلو 500 گرام چرس برآمد کرکے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

5 ملزمان گرفتار، 23 لیٹر شراب، آہنی مکہ اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان کو گرفتار کرکے 23 لیٹر شراب، آہنی مکہ اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرکے 23 لیٹر شراب، آہنی مکہ اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کیخلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، گوجرخان، ریس کورس، واہ کینٹ اور صدر واہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

عدالت کا وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی عمران خان سے ملاقات کروانے کا حکم

یہ ہدایات اسلام آباد ہائی کورٹ کے بڑے بینچ کی جانب سے دی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سے ملاقات کروانے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ نے جمعرات کے روز اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ وہ 24 مارچ کے حکم پر (بقیہ نمبر 49)

66 ہزار حاجیوں کو 3 ارب 45 کروڑ واپس کرنے کا فیصلہ

حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ حج اخراجات کو ممکنہ حد تک کم سے کم رکھا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے گذشتہ سال فریضہ حج ادا کرنے والے 66 ہزار 377 حاجیوں کو 3 ارب 45 کروڑ 65 لاکھ 85 ہزار روپے واپس کرنے کا فیصلہ کیا ہے، رقوم کی منتقلی کا عمل حاجیوں کے بینک اکاؤنٹس میں 31 اکتوبر تک مکمل کر لیا جائے گا، حج 2026ء کیلئے 40 دن کے حج پیکیج کی رقم 11 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ 25 دن کے شارٹ حج کا پیکیج 12 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری خبر رساں ادارے کے (بقیہ نمبر 50)

زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر بھٹے نہیں چلنے دینگے، ڈپٹی کمشنر چکوال

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت سموگ کنٹرول اجلاس اینٹی سموگ پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کے احکامات

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر عمل ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی

چکوال، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات تحفظ ماحولیات کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت تحفظ ماحولیات اور سموگ کنٹرول کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات عنزہ نیازی، سیکرٹری آر ٹی اے کامران افضل، ڈی ڈی او زراعت، ٹریفک پولیس، صحت، مائنز اینڈ منرلز، انڈسٹریز، آر ڈبلیو ایم سی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات نے اینٹی سموگ پالیسی کی خلاف ورزیوں اور اب تک کیے گئے ایکشنز پر تفصیلی (بقیہ نمبر 51)

وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم کا رواں ماہ 30 اکتوبر سے دوبارہ آغاز ہوگا

لیپ ٹاپ تقسیم کی مرکزی تقریب جناح کنونشن سنٹر اسلام آباد میں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت رواں ماہ کے آخر تک ملک بھر میں ایک لاکھ طلباء میں مفت لیپ ٹاپ تقسیم کیے جائیں گے۔ لیپ ٹاپ کی تقسیم کا باقاعدہ آغاز 30 اکتوبر سے کیا جائے گا، مرکزی تقریب جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے میرٹ کے تحت لیپ ٹاپ اسکیم سے استفادے کے اہل قرار پانے والے طلباء کی فہرست جاری کردی ہے۔ مرکزی تقریب کے بعد صوبائی دارالحکومتوں میں بھی تقسیم کی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم (بقیہ نمبر 52)

گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کا معاملے، مرکزی ملزم گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی کے علاقہ گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کی ویڈیو سامنے آنے کے معاملے پر مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے علاقہ گوالمنڈی میں شہری پر تشدد کی ویڈیو سامنے آنے کا معاملہ، ویڈیو سامنے آنے پر پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا ہے، ویڈیو میں مسلح نظر آنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کیا جا چکا ہے، ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں۔

ملتان وہاڑی روڈ کو ڈسٹ فری شاہراہ بنانے کا منصوبہ

ملتان وہاڑی شاہراہ پنجاب کا پہلا ڈسٹ فری منصوبہ ہے، ملک صہیب بھرتھ

لاہور (این این آئی) محکمہ تعمیرات و مواصلات پنجاب نے 93 کلومیٹر طویل ملتان وہاڑی روڈ کو ڈسٹ فری شاہراہ بنانے کے منصوبے پر کام تیز کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کو ملتان وہاڑی دو رویہ سڑک کی تعمیر کے حوالے سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے افسران نے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 93 کلومیٹر طویل شاہراہ پر دن رات کام جاری ہے جبکہ 82 کلومیٹر پر ارتھ ورک مکمل اور 87 (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، راہزنی میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کھنہ پولیس نے شہریوں کو لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب خطرناک گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی برآمد کرلی گئی، گرفتار ملزم کی شناخت شاہد یعقوب کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے خلاف مقدمات درج ہیں، ابتدائی تفتیش کے (بقیہ نمبر 54)

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر مرکزی جامع مسجد کی بحالی و تزئین و آرائش کے افتتاح کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

ٹک ٹاکر کو بچانے کیلئے ڈیڑھ کروڑ وصول کرنیوالے افسران کا سراغ مل گیا

لاہور کے 4 اسلام آباد کے ایک، گوجرانوالہ کے ایک ذمہ دار افسران اس وقت ایک اہم ادارے کے زیر تفتیش ہیں

ڈکی بھائی سے سائبر کرائمز لاہور کے افسران نے فیصل آباد کے فرنٹ مین نے رعایت دینے کے بدلے ڈیڑھ کروڑ لئے

اسلام آباد (این ای این) نیشنل سائبر کرائمز انوسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کے 6 افسران کی پُراسرار گمشدگی کا پتہ چل گیا، لاہور کے 4 اسلام آباد کے ایک، گوجرانوالہ کے ایک ذمہ دار افسران اس وقت ایک اہم ادارے کے زیر تفتیش ہیں۔ انتہائی ذمہ دار ذرائع نے بتایا ہے کہ لاہور کے معروف زیر حراست ٹک ٹاکر ڈکی بھائی سے سائبر کرائمز لاہور کے افسران نے فیصل آباد کے فرنٹ مین نے رعایت دینے کے بدلے ڈیڑھ کروڑ لئے (بقیہ نمبر 55)

گاڑیوں میں غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سیکرٹری پنجاب پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ایس او پیز منظور کر لیے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر گاڑیوں میں نصب غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز کے خلاف صوبہ بھر میں سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا۔ سیکرٹری پنجاب پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی حسان احسن نے کارروائی کے لئے ایس او پیز منظور کرتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر والی گاڑی غیر محفوظ اور ان فٹ قرار دی جائے گی۔ موقع پر چالان اور گاڑی قبضے میں لینے کا حکم دے دیا گیا، فٹنس سرٹیفکیٹ، روٹ پرمٹ اور رجسٹریشن کی تجدید سلنڈر ہٹائے بغیر نہیں ہوگی، خلاف ورزی (بقیہ نمبر 56)